S179CH03

# 3

# لین دین کا اندراج–I
# (Recording of Transactions-I)

**سیکھنے کے مقاصد**

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہوں گے کہ

- لین دین کی نوعیت اور ماخذ دستاویزات کی تشریح کر سکیں؛
- کھاتہ داری واؤچرز کی تیاری کی وضاحت کر سکیں؛
- لین دین کے اثر کو واضح کرنے کے لیے کھاتہ داری مساوات کا استعمال کر سکیں؛
- لین دین کے اندراج میں نام (ڈیبٹ) اور جمع (کریڈٹ) کے اصولوں کو استعمال کر سکیں؛
- جرنل میں لین دین کے اندراج اور بنیادی اندراج کی کتاب (Book of Original Entry) کے نظریہ کی وضاحت کر سکیں ؛
- لیجر (Ledger) کے نظریے اور جرنل اندراجات (Journal Entries) کی لیجر کھاتوں (Ledger Accounts) میں پوسٹنگ کی وضاحت کر سکیں۔ گے۔

پہلے اور دوسرے باب میں کھاتہ داری کی اہمیت اور ارتقاء کے ضمن میں یہ وضاحت کی گئی تھی کہ یہ مالی معلومات کی ترویج واشاعت کا ایک ذریعہ ہے اور ساتھ ہی ان بنیادی کھاتہ داری نظریات کا ذکر بھی کیا گیا تھا جو کاروباری لین دین کے اندراج میں رہنما اصول کی حیثیت رکھتے ہیں نیز یہ بھی نشاندہی کی گئی تھی کہ کھاتہ داری عمل میں کاروباری لین دین کی شناخت کرنا، ان کا تجزیہ وتحلیل کرنا ان کا ریکارڈ رکھنا ان کے اثرات کی درجہ بندی اور خلاصے بنانا اور آخر میں تمام لوگوں تک پہنچانا شامل ہے۔

اس باب میں، ہم کھاتہ داری عمل میں شامل ہر اقدام کا تفصیل سے ذکر کریں گے۔ پہلا قدم درج کرنے کے لیے لین دین کی نشاندہی کرنا ہے اور ماخذ دستاویزات تیار کرنا ہے جن کو اصل اندراج کی بنیادی کتاب میں جسے جرنل کہا جاتا ہے، درج کیا جاتا ہے اور پھر ان کو ابتدائی کتاب (Principal Book) یعنی لیجر کے انفرادی کھاتوں میں چڑھایا جاتا ہے۔

## 3.1 کاروباری لین دین اور ماخذ دستاویز (Business Transactions and Source Document)

آپ اپنے امتحان میں اچھے نمبروں سے پاس ہوتے ہیں۔ آپ کے والد صاحب وعدے کے مطابق آپ کو ایک کمپیوٹر خرید کر دینا چاہتے ہیں۔ آپ اپنے والد کے ہمراہ بازار میں کمپیوٹر خریدنے جاتے ہیں۔ تاجر کمپیوٹر کے ساتھ ایک نقد رسید (Cash Memo) دیتا ہے اور بدلے میں آپ کے والد 35,000 روپے کی نقد ادائیگی کرتے ہیں۔ نقد کے بدلے میں کمپیوٹر کی خریداری لین دین کی ایک مثال ہے

© NCERT not to be republished

جس میں دو چیزوں کا باہمی تبادلہ شامل ہے (i) نقد کی ادائیگی (ii) کمپیوٹر کی سپردگی۔ اس طرح لین دین میں یہ پہلو شامل ہوتا ہے یعنی لینا اور دینا۔ نقد کی ادائیگی میں دینے کا پہلو شامل ہے اور کمپیوٹر کی سپردگی میں لینے کا پہلو۔ اس طرح کاروباری لین دین فریقین کے درمیان معاشی مفاد کا تبادلہ ہوتا ہے اور اس کے دوہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں جن کو کم ازکم دو کھاتوں میں درج کیا جاتا ہے۔

کاروباری لین دین کا مناسب دستاویزات کے ذریعہ ثبوت رکھا جاتا ہے یہ دستاویزات ہیں نقد رسید، بیجک، فروخت بل، پے–ان–سلپ، چیک، تنخواہ کی رسید وغیرہ۔ ایک دستاویز جو لین دین کا ثبوت فراہم کرتی ہے ماخذ دستاویز یا واؤچر کہلاتا ہے۔ بعض اوقات، چند چیزوں کے لیے دستاویزات رکھنا مشکل ہوتا ہے جیسے چھوٹے موٹے اخراجات۔ واؤچر تیار کیے جاسکتے ہیں جن میں تمام ضروری تفصیلات دکھائی جاتی ہے اور فرم کے اندر ہی صاحب اختیار شخص سے اسے منظور کرالیا جاتا ہے۔ ایسی تمام دستاویزات (واؤچرز) کو بالترتیب منظّم کیا جاتا ہے ان پر نمبر شمار ڈالے جاتے ہیں اور ایک علیحدہ فائیل میں انہیں رکھا جاتا ہے۔ کھاتے کی کتابوں میں تمام اندراجات واؤچرز کی بنیاد پر کیے جاتے ہیں۔

**لین دین واؤچر**

**فرم کا نام:**

**واؤچر نمبر** :

**تاریخ** :

**ڈیبٹ کھاتہ** :

**کریڈٹ کھاتہ** :

**رقم (روپے)** :

**تفصیل** :

**منظور کنندہ** : **تیار کنندہ:**

**شکل 3.1** : لین دین واؤچر کی مثال

### 3.1.1 کھاتہ داری واؤچرز کی تیاری *(Preparation of Accounting Vouchers)*

کھاتہ داری واؤچرز کو نقد واؤچرز، ڈیبٹ واؤچرز، کریڈٹ واؤچرز، جرنل واؤچرز وغیرہ جیسے زمروں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ کھاتہ داری واؤچرز کا کوئی قائم یا مستقل فارمیٹ (Format) نہیں ہے۔ عام طور پر کام کاج میں سادہ لین دین واؤچر کا استعمال کیا جاتا ہے جیسا کہ شکل 3.1 میں دکھایا گیا ہے۔

واؤچرز کو ہر حالت میں کھاتوں کے محاسبہ (آڈٹ) اور متعلقہ مدت کے لیے ٹیکس کی تشخیص ہونے تک سنبھال کر رکھنا چاہئے۔ موجودہ دور میں، کھاتہ داری بذریعہ کمپیوٹر کی جاتی ہے اور لین دین کے اندراج کے مقصد کے لیے کھاتہ داری واؤچرز تیار

© NCERT not to be republished

کیے جاتے ہیں جو کہ ان کھاتوں کا کوڈ نمبر اور نام دکھاتے ہیں جن کو ڈیبٹ یا کریڈٹ کیا جاتا ہے۔ ایک لین دین جس کا صرف ایک ڈیبٹ اور ایک کریڈٹ ہوتا ہے ایک سادہ لین دین ہوتا ہے اور ایسے لین دین کے لے تیار کیے جانے والے واؤچرز ''لین دین واؤچرز'' کہلاتے ہیں۔ ایسے واؤچرز کا خاکہ شکل 3.1 میں دکھایا گیا ہے۔ جس واؤچر میں متعدد ڈیبٹ/کریڈٹ اور ایک کریڈٹ/ ڈیبٹ والے لین دین کے اندراج ہوں اس کو مرکب (Compaund) واؤچر کہا جاتا ہے۔ مرکب واؤچر (Componnd Voucher) (a) ڈیبٹ واؤچر یا (b) کریڈٹ واؤچر بھی ہو سکتے ہیں نمونے کے لیے شکل 3.2 دیکھیے۔

ڈیبٹ واؤچر

فرم کا نام:

واؤچر نمبر :

کریڈٹ کھاتہ :

رقم :

تاریخ:

ڈیبٹ کھاتے

| نمبر شمار | کوڈ | کھاتہ کا نام | رقم (روپے) | تفصیل |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

منظور کنندہ::

تیار کنندہ:

کریڈٹ واؤچر

فرم کا نام:

واؤچر نمبر :

ڈیبٹ کھاتہ :

رقم :

تاریخ :

کریڈٹ کھاتے

| نمبر شمار | کوڈ | کھاتہ کا نام | رقم (روپے) | تفصیل |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

منظور کنندہ :

تیار کنندہ:

**شکل 3.2** : ڈیبٹ اور کریڈٹ واؤچرز کے نمونے

© NCERT not to be republished

وہ لین دین جن کے متعدد ڈیبٹ اور متعدد کریڈٹ ہوتے ہیں پیچیدہ (Complex) لین دین کہلاتے ہیں اور ایسے لین دین کے لیے تیار کیے جانے والے کھاتہ داری واؤچرز پیچیدہ واؤچرز یا جرنل واؤچرز کہلاتے ہیں۔ ایک پیچیدہ لین دین واؤچر کا نمونہ شکل 3.3 میں دکھایا گیا ہے۔

**جرنل واؤچر**

**فرم کا نام:**

**واؤچر نمبر :** **تاریخ:**

**ڈیبٹ کھاتے**

| نمبر شمار | کوڈ | کھاتہ کا نام | رقم (روپے) | تفصیل |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

**کریڈٹ کھاتے**

| نمبر شمار | کوڈ | کھاتہ کا نام | رقم (روپے) | تفصیل |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

**منظور کنندہ:** **تیار کنندہ:**

**شکل 3.3** : کمپلیکس لین دین واؤچر کا نمونہ

کھاتہ داری واؤچرز کے ڈیزائین کا انحصار کاروباری سہولت، نوعیت اور ضرورت پر ہوتا ہے۔ ایک کھاتہ داری واؤچر کا کوئی مستقل فارمیٹ نہیں ہے۔ مختلف واؤچرز میں امتیاز کرنے کے لیے مختلف رنگوں کے کاغذ اور چھپائی کے مختلف رسم الخط استعمال کیے جاتے ہیں۔ کھاتہ داری واؤچرز کی چند مثالیں پچھلے صفحات پر دی گئی ہیں۔ ایک کھاتہ داری واؤچر میں مندرجہ ذیل اہم عناصر شامل ہونے چاہئیں:

- یہ ایک اچھے معیاری کاغذ پر تحریر کیا جاتا ہے؛
- اس کے اوپر فرم کا نام ضرور چھپا ہونا چاہئے؛

© NCERT not to be republished

- تاریخ کے سامنے لین دین کی تاریخ بھری جاتی ہے نہ کہ لین دین کے اندراج کی تاریخ؛
- واؤچر کا نمبر سیریل سے ہونا چاہئے؛
- ڈیبٹ یا کریڈٹ کیے جانے والے کھاتہ کے نام کا ذکر کیا جاتا ہے؛
- رقم کے سامنے ڈیبٹ اور کریڈٹ رقم کو اعداد میں تحریر کیا جاتا ہے؛
- لین دین کی تفصیلات کھاتہ وار ہونی چاہئیں؛
- واؤچر تیار کرنے والے کو اپنے دستخط کے ساتھ اپنا نام بھی لکھنا چاہئے؛
- واؤچر پر منظور کرنے والے شخص کا نام اور دستخط ہونے چاہئے۔

## 3.2 کھاتہ داری مساوات (Accounting Equation)

کھاتہ داری مساوات یہ بتاتی ہے کہ کاروبار کے اثاثے ہمیشہ واجبات اور اصل سرمایہ (مالک کی ایکوٹی) کے مجموعہ کے برابر ہوتے ہیں اس مساوات کو مندرجہ ذیل طریقے سے پڑھا جاتا ہے۔

$$L + C = A$$

جہاں

A = اثاثے (Assets)

L = واجبات (Liabilities)

C = اصل سرمایہ (Capital)

مندرجہ بالا مساوات کو حسب ذیل شکلوں میں پیش کیا جاسکتا ہے اور اس طرح اصل سرمائے (Capital) یا واجبات کی غایب رقوم کو معلوم کیا جاسکتا ہے۔

$$A - L = C \quad \text{(i)}$$

$$A - C = L \quad \text{(ii)}$$

حسابی مساوات چونکہ اثاثوں اور واجبات کے گوشوارہ (بیلنس شیٹ) کے ارکان (Components) کے مابین رشتہ بناتی ہے اس لیے اسے اثاثوں واجبات اور اصل سرمایے کے گوشوارہ کی مساوات (Balance Sheet Equation) بھی کہتے ہیں۔

کسی بھی کاروباری ادارے کے وسائل کو کسی بھی وقت ان لوگوں کے مطالبات کے مساوی ہونا چاہئے جنہوں نے ان وسائل کے لیے سرمایہ کاری کی ہے۔ مالکان اور بیرونی لوگ کاروبار کو وسائل فراہم کرتے ہیں۔ مالکان کے مطالبہ کو اصل سرمایہ کہا جاتا ہے اور بیرونی لوگوں کے مطالبات کو واجبات کہتے ہیں۔ مساوات کا ہر عنصر بیلنس شیٹ کا حصّہ ہے جو کہ ایک مخصوص تاریخ پر کاروبار کی مالی حالت کا بیان کرتی ہے۔ جب ہم لین دین کا تجزیہ کرتے ہیں تب ہم درحقیقت یہ جاننے کی کوشش کرتے ہیں کہ ایک کاروباری ادارے کی بیلنس شیٹ کس طرح متاثر ہوتی ہے۔

© NCERT not to be republished

بیلنس شیٹ میں اثاثوں کی جانب ان اثاثوں کی فہرست ہوتی ہے جو کہ کاروباری ادارے کی ملکیت میں ہوتے ہیں۔ بیلنس شیٹ کی واجبات کی طرف مالکان اور بیرونی لوگوں کے مطالبات کی فہرست ہوتی ہے جو کہ کاروباری ادارے پر واجب الادا ہوتے ہیں۔ بیلنس شیٹ کے اثاثوں اور واجبات کی اطراف کا ایک دوسرے کے مساوی ہونا ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے اور اسی بنیاد پر کھاتہ داری مساوات کو بیلنس شیٹ مساوات بھی کہا جاتا ہے۔

مثلاً روہت نے 5,00,000 روپے کے اصل سرمائے سے کاروبار شروع کیا۔ کھاتہ داری کے نقطۂ نظر سے، اس کاروباری ادارے کے وسائل نقد کی شکل میں 5,00,000 روپے ہیں۔ اس کاروباری ادارے کا اصل ذریعہ (Source) روہت (مالک) کے فراہم کردہ 5,00,000 روپے میں جو اصل سرمایہ (Capital) کی حیثیت رکھتے ہیں۔

(سمجھنے کی خاطر ہم تمام باب میں اس مثال کو مثال 1 کے حوالے سے استعمال کریں گے۔)

اگر ہم اصل ذرائع (Sources) اور وسائل کی مساوات کی شکل میں اس معلومات کو رکھیں گے تو ابھرنے والی تصویر کچھ اس طرح ہوگی:

**روہت کی کتابیں**

**بیلنس شیٹ بتاریخ ..................**

| رقم (روپے) | اثاثہ جات | رقم (روپے) | واجبات |
|---|---|---|---|
| 5,00,000 | نقد | 5,00,000 | اصل سرمایہ |
| 5,00,000 | | 5,00,000 | |

مندرجہ بالا بیلنس شیٹ میں، کاروبار کے کل واجبات کاروبار کے کل اثاثوں کے مساوی ہیں۔ کیونکہ کاروباری سرگرمیاں ابھی شروع نہیں ہوئی ہیں اور کوئی منافع نہیں کمایا گیا ہے اس لیے کاروبار میں لگایا گیا سرمایہ اب تک 5,00,000 روپے ہے۔ اگر کوئی منافع کمایا جاتا ہے تو ایسی صورت میں کاروبار میں لگائی گئی رقم بڑھ جاتی ہے۔ اس کے برعکس، اگر کاروبار کو کوئی نقصان ہوتا ہے تو ایسی صورت میں کاروبار میں لگائی گئی رقم کم ہو جاتی ہے۔

اب ہم مثال 1 میں مندرج لین دین اور مختلف عناصر پر ان کے اثرات کا تجزیہ کریں گے اور آپ یہ مشاہدہ کریں گے کہ کھاتہ داری مساوات ہمیشہ توازن میں رہے گی۔

**مثال 1**

1۔ اسٹیٹ بینک آف انڈیا میں 4,80,000 روپے کی رقم سے ایک بینک کھاتہ کھولا گیا۔

لین دین کا تجزیہ: یہ لین دین نقد در دست (اثاثہ جات) میں اضافہ کرتا ہے اور نقد (اثاثہ) کو 4,80,000 روپے کم کر دیتا ہے۔

© NCERT not to be republished

2۔ فرنیچر 60,000 روپے کا خریدا اور اسی دن چیک جاری کیا گیا۔
لین دین کا تجزیہ : یہ لین دین فرنیچر (اثاثہ جات) میں اضافہ کرتا ہے اور بینک (اثاثہ جات) کو 60,000 روپے کم کر دیتا ہے۔

3۔ کاروبار کے لیے 1,25,000 روپے میں پلانٹ اور مشینری خریدی اور میسرز رام لال کو 10,000 روپے نقد پیشگی ادا کیے۔
لین دین کا تجزیہ : یہ لین دین پلانٹ اور مشینری (اثاثہ جات) میں 1,25,000 روپے کا اضافہ کرتا ہے، نقد کو 10,000 روپے کم دیتا ہے اور واجبات (میسرز رام لال) کو 1,15,000 تک بڑھا دیتا ہے۔

4۔ میسرز سومت ٹریڈر سے 55,000 روپے کا سامان خریدا۔
لین دین کا تجزیہ : یہ لین دین سامان (اثاثہ جات) کو 55,000 روپے سے بڑھا دیتا ہے اور واجبات (میسرز سومت ٹریڈرز) میں 55,000 روپے کا اضافہ کر دیتا ہے۔

5۔ 25,000 روپے کی لاگت کے مال کو 35,000 روپے میں رجنی انٹرپرائیزز کو فروخت کیا۔
لین دین کا تجزیہ : یہ لین دین مال کے اسٹاک (اثاثہ جات) کو 25,000 روپے سے کم کر دیتا ہے اور اثاثہ جات (رجنی انٹرپرائیز بطور 35,000 روپے کے قرض دار) اور اصل سرمائے میں (10,000 روپے کا منافع) اضافہ کرتا ہے۔

مندرجہ بالا تجزیاتی جدول کے مطابق اختتامی مساوات کا خلاصہ درج ذیل بیلنس شیٹ کی شکل میں کیا جا سکتا ہے۔

**بیلنس شیٹ بتاریخ 2017**

| واجبات | رقم (روپے) | اثاثہ جات (Assets) | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|
| آؤٹ سائڈر کلیم (کریڈیٹرس) | 1,70,000 | نقد | 10,000 |
| سرمایہ | 5,10,000 | بینک | 4,20,000 |
| | | ڈیبٹرس | 35,000 |
| | | اسٹاک | 30,000 |
| | | فرنیچر | 60,000 |
| | | پلانٹ اینڈ مشینری | 1,25,000 |
| | 6,80,000 | | 6,80,000 |

کھاتہ داری مساوات کی شکل میں

$$A = L + C$$

5,10,000 روپے + 1,70,000 روپے = 6,80,000 روپے

© NCERT not to be republished

کھاتہ داری مساوات پر مختلف لین دین کے اثرات کے خلاصہ کو مندرجہ ذیل تجزیاتی جدول میں دکھایا گیا ہے۔

(روپوں میں)

| Transaction No. | Cash | Bank | Assets Debtors | Goods (Stock) | Furniture | Plant and Machinery | Total Assets | Liabilities | Capital | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 5,00,000 | | | | | | 5,00,000 | ....... | 5,00,000 | 5,00,000 |
| 1. | (4,80,000) | 4,80,000 | | | | | ....... | | ....... | ....... |
| Post Trans. Equation | 20,000 | 4,80,000 | | | | | 5,00,000 | | 5,00,000 | 5,00,000 |
| 2. | ....... | (60,000) | | | 60,000 | | ....... | | ....... | ....... |
| Post Trans. Equation | 20,000 | 4,20,000 | | | 60,000 | | 5,00,000 | | 5,00,,000 | 5,00,000 |
| 3. | (10,000) | | | | | 1,25,000 | 1,15,000 | 1,15,000 | | 1,15,000 |
| Post Trans. Equation | 10,000 | 4,20,000 | | | 60,000 | 1,25,000 | 6,15,000 | 1,15,000 | 5,00,000 | 6,15,000 |
| 4. | | | | 55,000 | | | 55,000 | 55,000 | | 55,000 |
| Post Trans. Equation | 10,000 | 4,20,000 | | 55,000 | 60,000 | 1,25,000 | 6,70,000 | 1,70,000 | 5,00,000 | 6,70,000 |
| 5. | | | 35,000 | (25,000) | | | 10,000 | | 10,000 | 10,000 |
| Final Equation | 10,000 | 4,20,000 | 35,000 | 30,000 | 60,000 | 1,25,000 | 6,80,000 | 1,70,000 | 5,10,000 | 6,80,000 |

© NCERT not to be republished

## 3.3 ڈیبٹ اور کریڈٹ کا استعمال (Using Debit and Credit)

جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ ہرلین دین میں دینے اور لینے کا پہلو شامل ہوتا ہے۔ دوہرے اندراج کی کھاتہ داری میں، ہر لین دین کم ازکم دو کھاتوں کو متاثر کرتا ہے اور ان میں درج کیا جاتا ہے۔ ہر ایک لین دین کے اندراج کے وقت، کریڈٹ کی جانے والی کل رقم کو ڈیبٹ کی جانے والی کل رقم کے مساوی ہونا لازمی ہے۔ کھاتہ داری میں، ڈیبٹ اور کریڈٹ کی اصطلاحات اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ لین دین کو کھاتہ کے بائیں جانب درج کرنا ہے یا دائیں جانب۔ اپنی سادہ ترین شکل میں، ایک کھاتہ **T** حرف کی طرح دکھائی دیتا ہے۔ اپنی صورت کی وجہ سے اس سادہ شکل کو T کھاتہ (بحوالہ شکل 3.4) کہتے ہیں۔ توجہ دیجیے کہ کسی شہ میں کمی اور اضافہ کو درج کرنے کے لیے T خاکے (Format) میں ایک بائیں جانب ہوتی ہے اور ایک دائیں جانب ہوتی ہے۔ اس سے ایک کھاتہ داری مدّت کے اختتام پر ہر ایک چیز کی آخری پوزیشن معلوم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ مثال کے طور پر، اگر یہ ایک گاہک کا کھاتہ ہے تب فروخت کیا گیا تمام مال گاہک کھاتہ کی بائیں (ڈیبٹ) جانب نظر آئے گا اور تمام وصول شدہ ادائیگیاں دائیں جانب نظر آئیں گی۔ دونوں جانب کی کل رقم کے فرق کو بقیہ (Balance) کہتے ہیں جو گاہک پر واجب رقم کا اظہار کرتا ہے۔ ایک T کھاتہ میں بائیں جانب کو ڈیبٹ کہتے ہیں (جس کا مخفف .Dr لکھا جاتا ہے) اور دائیں جانب کو کریڈٹ کہا جاتا ہے (جس کا مخفف .Cr لکھا جاتا ہے)۔ ایک کھاتہ کی بائیں جانب رقم کا اندراج کھاتہ کو ڈیبٹ کر دیتا ہے جبکہ دائیں جانب رقم کا اندراج کھاتہ کو کریڈٹ کرتا ہے۔

کھاتہ کا عنوان

| (دائیں جانب) | (بائیں جانب) |
|---|---|

شکل **3.4** : میں T کھاتہ دکھایا گیا ہے

### 3.3.1 ڈیبٹ اور کریڈٹ کے قواعد *(Rules of Debit and Credit)*

لین دین کا اندراج کرنے کے مقصد سے تمام کھاتوں کو پانچ زمروں میں تقسیم کیا جاتا ہے: (a) اثاثے (b) واجبات (c) اصل سرمایہ (d) اخراجات/نقصانات اور (e) محاصل/منافع

ان کھاتوں میں تبدیلیوں کا اندراج کرنے کے لیے دو بنیادی قاعدے اپنائے جاتے ہیں۔

1۔ اثاثے / اخراجات (نقصانات) میں تبدیلیوں کا اندراج کرنے کے لیے:

(i) اثاثہ میں اضافہ کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے اور اثاثہ میں کمی کو کریڈٹ کیا جاتا ہے۔

(ii) اخراجات/نقصانات میں اضافہ کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے، اور اخراجات/ نقصانات میں کمی کو کریڈیٹ کیا جاتا ہے۔

© NCERT not to be republished

2۔ واجبات اور اصل سرمایہ/محاصل (منافع) میں تبدیلیوں کا اندراج کرنے کے لیے:

(i) واجبات میں اضافہ کو کریڈٹ کیا جاتا ہے اور کمی کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے۔

(ii) اصل سرمائے میں اضافہ کو کریڈیٹ کیا جاتا ہے اور اصل سرمائے میں کمی کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے۔

(iii) محاصل/منافع میں اضافہ کو کریڈیٹ کیا جاتا ہے اور محاصل/منافع میں کمی کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے۔

مختلف قسم کے کھاتوں میں استعمال ہونے والے قواعد کا خلاصہ مندرجہ ذیل چارٹ میں کیا جارہا ہے۔

**ڈیبٹ اور کریڈیٹ کے قواعد**

**واجبات**

| (اضافہ) | (کمی) |
|---|---|
| + | – |
| (کریڈٹ) | (ڈیبٹ) |

**اثاثے**

| (کمی) | (اضافہ) |
|---|---|
| – | + |
| کریڈٹ | ڈیبٹ |

**اخراجات/نقصانات**

| (کمی) | (اضافہ) |
|---|---|
| – | + |
| کریڈٹ | ڈیبٹ |

**سرمایہ**

| (اضافہ) | (کمی) |
|---|---|
| + | – |
| کریڈٹ | ڈیبٹ |

**محاصل/منافع (فائدہ)**

| (اضافہ) | (کمی) |
|---|---|
| + | – |
| کریڈٹ | ڈیبٹ |

صفحہ 53 پر مثال 1 میں لین دین سے آپ کو یہ سمجھنے میں مدد ملے گی کہ ڈیبٹ اور کریڈٹ کے ان قواعد کو کس طرح استعمال کرنا ہے۔ صفحہ 55 پر دی گئی تجزیاتی جدول کا غور سے مشاہدہ کیجیے تا کہ اگلی مثال کے مطالعے سے قبل آپ اچھی طرح اس بات کو سمجھ جائیں۔ مختلف قسم کے واقعات کی مثال دینے کے لیے تین اور لین دین شامل کیے گئے ہیں (لین دین 7 تا 9)۔

**1۔ روہت نے 5,00,000 سے کاروبار شروع کیا**

لین دین کا تجزیہ: لین دین ایک طرف تو نقد میں اضافہ کرتا ہے اور دوسری طرف اصل سرمایہ میں۔ اثاثوں میں اضافہ کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے اور اصل سرمایہ میں اضافہ کو کریڈٹ کیا جاتا ہے۔ اس لیے لین دین کا اندراج نقد کو ڈیبٹ کر کے اور روہت کے اصل سرمائے کو کریڈٹ کر کے کیجیے۔

© NCERT not to be republished

**اصل سرمایہ کھاتہ**

| | |
|---|---|
| | (1) 5,00,000 |
| | (6) 10,000 |

**نقد کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (1) 5,00,000 | |

**2۔ 4,80,000 روپے کی رقم سے ایک بینک کھاتہ کھولا**

لین دین کا تجزیہ : لین دین ایک طرف تو نقد دردرست میں کمی کرتا ہے اور دوسری جانب بینک کے نقد میں اضافہ کرتا ہے۔ اثاثوں میں اضافہ کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے اور اثاثوں میں کمی کو کریڈیٹ کیا جاتا ہے۔ اس لیے، لین دین کا اندراج بینک کھاتہ کو ڈیبٹ کرکے اور نقد کھاتہ کو کریڈیٹ کرکے کیجیے۔

**بینک کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (2) 4,80,000 | |

**نقد کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (1) 5,00,000 | (2) 4,80,000 |

**3۔ 60,000 روپے کا فرنیچر خریدا اور اس کے لیے چیک جاری کیا۔**

لین دین کا تجزیہ: یہ لین دین ایک جانب تو فرنیچر میں اضافہ کرتا ہے تو دوسری جانب بینک (اثاثہ) میں کمی کرتا ہے۔ اثاثہ جات میں اضافہ کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے اور کمی کو کریڈٹ کیا جاتا ہے۔ اس لیے لین دین کا اندراج فرنیچر کھاتہ کو ڈیبٹ اور بینک کھاتہ کو کریڈ کرکے کیجیے۔

**بینک کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (2) 4,80,000 | (3) 60,000 |

**فرنیچر کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (1) 60,000 | |

**4۔ کاروبار کے لیے 1,25,000 روپے میں رام لال سے پلانٹ اور مشینری خریدی اور 10,000 روپے پیشگی دیے۔**

لین دین کا تجزیہ : یہ لین دین پلانٹ اور مشینری (اثاثہ جات) میں 1,25,000 روپے کا اضافہ کرتا ہے، نقد میں 10,000 روپے کی کمی اور واجبات (میسرز رام لال بطور قرض خواہ) میں 1,15,000 روپے کا اضافہ کرتا ہے۔ اثاثوں میں اضافہ کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے جبکہ اثاثوں میں کمی کو کریڈٹ کرتے ہیں۔ اس کے برعکس واجبات میں اضافہ کو کریڈٹ کیا جاتا ہے۔ اس لیے لین دین کا اندراج فرنیچر کو ڈیبٹ کرکے اور نقد اور رام لال کے کھاتہ کو کریڈٹ کرکے کیجیے۔

**پلانٹ اور مشینری کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (4) 1,25,000 | |

**نقد کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (1) 5,00,000 | (2) 4,80,000 |
| | (4) 10, 000 |

**رام جی لال کھاتہ**

| | |
|---|---|
| | (4) 1,15,000 |

© NCERT not to be republished

**5۔ سُمت ٹریڈرس سے 55,000 روپے کا مال خریدا۔**

لین دین کا تجزیہ: یہ لین دین خریداری (اخراجات) میں 55,000 روپے کا اضافہ کرتا ہے اور واجبات (میسرز سمت ٹریڈرس بطور قرض خواہ) کو بھی 55,000 روپے سے بڑھا دیتا ہے۔ اخراجات میں اضافہ کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے اور واجبات میں اضافہ کو کریڈٹ کیا جاتا ہے۔ اس لیے لین دین کا اندراج خریداری کھاتہ کو ڈیبٹ کر کے اور سمت ٹریڈرس کھاتہ کو کریڈٹ کر کے کیجیے۔

**خریداری کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (5) 55,000 | |

**سمت ٹریڈرس کھاتہ**

| | |
|---|---|
| | (5) 55,000 |

**6۔ 25,000 روپے لاگت کا مال رجنی انٹر پرائیزیز کو 35,000 میں فروخت کیا۔**

لین دین کا تجزیہ : یہ لین دین فروخت (محاصل) میں اضافہ کرتا ہے اور اثاثہ جات (رجنی انٹر پرائیز بطور قرض دار) میں بھی اضافہ کرتا ہے اثاثہ جات میں اضافے کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے اور محاصل میں اضافے کو کریڈٹ کیا جاتا ہے اس لیے لین دین کا اندراج فروخت کھاتہ کو کریڈٹ کر کے اور رجنی انٹر پرائیز ز کھاتہ کو ڈیبٹ کر کے کیجیے۔

**فروخت کھاتہ**

| | |
|---|---|
| | (6) 35,000 |

**رجنی انٹر پرائیزیز کھاتہ**

| | |
|---|---|
| | (6) 35,000 |

**7۔ اسٹور کا ماہانہ کرایہ 25,00 روپے نقد ادا کیا۔**

لین دین کا تجزیہ: کرائے کی ادائیگی ایک خرچ ہے جو کہ اصل سرمائے کو کم کر دیتا ہے اس لیے اسے بطور ڈیبٹ درج کیا جاتا ہے۔ اثاثوں میں کمی کا اندراج نقد کو کریڈٹ کر کے کیجیے۔

**کرایہ کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (7) 2,500 | |

**نقد کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (7) 5,00,000 | (2) 4,80,000 |
| | (4) 10,000 |
| | (7) 2,500 |

**8۔ دفتر کے ملازمین کو 5,000 روپے بطور تنخواہ ادا کیے۔**

لین دین کا تجزیہ: تنخواہ کی ادائیگی ایک خرچ ہے جو کہ اصل سرمائے کو کم کر دیتا یہ اس لیے اسے ڈیبٹ کرتے ہیں۔ اثاثوں میں کمی کا اندراج کرنے کے لیے نقد کو کریڈٹ کیجیے۔

© NCERT not to be republished

**تنخواہ کھاتہ**

| | |
|---|---|
| **(8) 5,000** | |

**نقد کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (1) 5,00,000 | (2) 4,80,000 |
| | (4) 10,000 |
| | (7) 2,500 |
| | **(8) 5,000** |

**9۔ رجنی انٹرپرائیزیز سے بطور مکمل ادائیگی ایک چیک وصول ہوا اور اسے اسی دن بینک میں جمع کیا گیا۔**

لین دین کا تجزیہ: یہ لین دین ایک طرف اثاثہ جات (بینک) میں اضافہ کرتا ہے اور دوسری طرف اثاثہ جات (رجنی انٹرپرائیزیز بطور قرض دار) میں کمی کرتا ہے۔ اثاثہ جات میں اضافہ کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے جبکہ اثاثہ جات میں کمی کو کریڈٹ کرتے ہیں۔ اس لیے اس کا اندراج بینک کھاتہ کو ڈیبٹ کرکے اور رجنی انٹرپرائیز کھاتہ کو کریڈٹ کر کے کیجیے۔

**رجنی انٹرپرائیز کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (6) 35,000 | **(9) 35,000** |

**بینک کھاتہ**

| | |
|---|---|
| (2) 4,80,000 | (3) 60,000 |
| **(9) 35,000** | |

## اپنی فہم کی جانچ کیجیے-I

1۔ دوہرے اندراج کی کھاتہ داری میں ضرورت ہوتی ہے کہ:

(i) تمام لین دین جو کہ اثاثہ کھاتوں کو ڈیبٹ کرتے ہیں انہیں واجبات یا اصل سرمایہ کھاتوں کو کریڈٹ کرنا چاہئے۔

(ii) ایک لین دین جو ایک واجب کھاتہ کو ڈیبٹ کرتا ہے وہ ایک اثاثہ کھاتہ کریڈٹ بھی کرتا ہے۔

(iii) ہر لین دین کا اندراج کل کریڈیٹوں کے مساوی کل ڈیبٹوں کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

2۔ مختلف طرح کے لین دین بیان کیجیے جو اصل سرمائے میں اضافہ اور کمی کرتے ہیں۔

3۔ کیا ڈیبٹ کا مطلب ہمیشہ ہی اضافہ اور کریڈٹ کا مطلب ہمیشہ ہی کمی ہوتا ہے؟

4۔ ذیل میں سے کون سے جوابات ان عام طور پر استعمال ہونے والے کھاتوں کی مناسب زمرہ بندی کرتے ہیں:

(1) عمارت (بلڈنگ) (2) مزدوری (3) ادھار فروخت (4) ادھار خرید (5) واجب الادا بجلی کا بل (6) پیشگی ادا گودام کا کرایہ (7) فروخت (8) مزید لگایا گیا سرمایہ (9) ڈرائنگ (کاروبار سے نکالا گیا سرمایہ) (10) دی گئی رعایت (Discount)

| | اثاثہ جات | واجبات | اصل سرمایہ | محاصل | اخراجات |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | 5,4, | 3, | 9,6 | 2,10 | 8,7 |
| (ii) | 1, 6 | 4, 5 | 8 | 7, 3 | 2,9,10 |
| (iii) | 2,10,4 | 4,6 | 8 | 7,5 | 1,3,9 |

© NCERT not to be republished

**مثال 1**

اثاثہ جات اور واجبات پر ہر لین دین کے اثر کا تجزیہ کیجیے اور دکھائیے کہ کھاتہ داری مساوات (A = L + C) کے دونوں اطراف مساوی رہیں گے:

(i) 8,00,000 روپے نقد اور 50,000 کا اسٹاک کاروبار میں لگایا گیا۔

(ii) 3,00,000 روپے کا پلانٹ خریدا، 15,000 روپے نقد ادا کیے اور بقیہ ایک بعد کی تاریخ پر۔

(iii) 6,00,000 روپے بینک میں جمع کیے۔

(iv) دفتر کا فرنیچر 1,00,000 روپے میں خریدا اور چیک کے ذریعہ ادائیگی کی گئی۔

(v) مال کی خریداری 80,000 روپے نقد میں اور 35,000 روپے ادھار میں کی گئی۔

(vi) 45,000 روپے مالیت کا مال 60,000 روپے نقد میں فروخت کیا۔

(vii) 80,000 روپے لاگت کا مال 1,25,000 روپے ادھار پر فروخت کیا۔

(viii) مال کے سپلائیر کو 35,000 روپے کا چیک جاری کیا۔

(ix) گاہک سے 75,000 روپے رقم کا چیک وصول ہوا۔

(x) مالک نے ذاتی استعمال کے لیے 25,000 روپے نکالے۔

**حل**

لین دین (i) یہ اثاثہ جات کی طرف تو نقد اور اسٹاک کو متاثر کرتا ہے اور دوسری جانب اصل سرمایہ کو متاثر کرتا ہے۔ مساوات میں اثاثہ جات کی طرف نقد میں 8,00,000 کا اور مال کے اسٹاک میں 50,000 کا اضافہ ہوتا ہے اصل سرمایہ 8,50,000 روپے بڑھ جاتا ہے۔

| اثاثے | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نقد + | اسٹاک | = | واجبات | + | اصل سرمایہ |
| 8,00,000 + | 50,000 | = | | | 8,50,000 |
| **کل** | **8,50,000** | **=** | **8,50,000** | | |

لین دین (ii) یہ مساوات کے اثاثہ جات کی جانب نقد، پلانٹ اور مشینری کو متاثر کرتا ہے اور دوسری جانب واجبات کو متاثر کرتا ہے۔ پلانٹ اور مشینری میں 3,00,000 روپے کا اضافہ ہوتا ہے اور نقد میں 1,500 روپے کی کمی ہوتی ہے۔ پلانٹ اور مشینری کے سپلائیر کے لیے 2,85,000 روپے کی دین داری بڑھ جاتی ہے۔

| اثاثے | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نقد | + | اسٹاک | + | پلانٹ ومشینری | = | واجبات | + | اصل سرمایہ |
| 8,00,000 | + | 50,000 | | | = | | | 8,50,000 |
| **(15,000)** | | | | **3,00,000** | **=** | **2,85,000** | | |
| **7,85,000** | **+** | **50,000** | **+** | **3,00,000** | **=** | **2,85,000** | **+** | **8,50,000** |
| **کل** | | **11,35,000** | | | **=** | **11,35,000** | | |

© NCERT not to be republished

لین دین (iii) یہ صرف اثاثہ جات کی جانب کو متاثر کرتا ہے۔ اثاثہ جات کی جانب اثاثہ جات کی ترکیب میں تبدیلی آتی ہے۔ نقد 6,00,000 روپے کم ہوجاتا ہے اور بینک میں اتنی ہی رقم کا اضافہ ہوجاتا ہے۔

| اثاثے | | | | = | واجبات | + اصل سرمایہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نقد | + اسٹاک | + پلانٹ و مشینری | + بینک | | | |
| 7,85,000 | 5,000 | + 3,00,000 | | = | 2,85,000 | + 8,50,000 |
| **(6,00,000)** | | | **+ 6,00,000** | | | |
| **1,85,000** | **+ 50,000** | **+ 3,00,000** | **+ 6,00,000** | **=** | **2,85,000** | **+ 8,50,000** |
| کل **11,35,000** | | | | **=** | **11,35,000** | |

لین دین (iv) یہ صرف اثاثہ جات کی جانب کو متاثر کرتا ہے۔ اثاثہ جات کی جانب اثاثہ جات کی ترکیب میں تبدیلی آتی ہے۔ فرنیچر میں 1,00,000 روپے کا اضافہ ہوتا ہے اور بینک میں اتنی ہی رقم کم ہوجاتی ہے۔

| اثاثے | | | | | = | واجبات | + اصل سرمایہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نقد | + اسٹاک | + پلانٹ و مشینری | + بینک | + فرنیچر | | | |
| 1,85,000+ | 50,000 + | 3,00,000 + | 6,00,000 | | = | 2,85,000 | + 8,50,000 |
| | | | **(1,00,000)** | **+ 1,00,00** | | | |
| **1,85,000+** | **50,000** | **+3,00,000** | **+ 5,00,000** | **+1,00,000** | **=** | **2,85,000** | **+8,50,000** |
| کل **11,35,000** | | | | | **=** | **11,35,000** | |

لین دین (v) یہ اثاثہ جات کی جانب نقد اور اسٹاک کو اور دوسری جانب دین داری کو متاثر کرتا ہے۔ نقد میں 80,000 روپے کی کمی آتی ہے اور اسٹاک میں 1,15,000 روپے کا اضافہ اثاثہ جات کی جانب ہوتا ہے۔ واجبات میں 35,000 روپے کا اضافہ ہوتا ہے۔

| اثاثے | | | | | = | واجبات | + اصل سرمایہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نقد | + اسٹاک | + پلانٹ و مشینری | + بینک | + فرنیچر | | | |
| 1,85,000 | + 50,000 | + 3,00,000 | + 5,00,000 | + 1,00,000 | = | 2,85,000 | + 8,50,000 |
| **(80,000)** | **+1,15,000** | | | | | **35,000** | |
| **1,05,000** | **+1,65,000** | **+3,00,000** | **+ 5,00,000** | **+1,00,000** | **=** | **3,20,000** | **+8,50,000** |
| کل **11,70,000** | | | | | **=** | **11,70,000** | |

لین دین (vi) یہ نقد اور اسٹاک کو اثاثہ جات کی جانب اور اصل سرمایہ کو دوسری جانب متاثر کرتا ہے۔ نقد میں 60,000 روپے کا اضافہ ہوتا ہے اور مال کے اسٹاک میں 45,000 روپے کی کمی ہوتی ہے۔ اصل سرمائے میں 15,000 روپے کا اضافہ ہوتا ہے۔

© NCERT not to be republished

| اثاثے | | | | | = | واجبات | + اصل سرمایہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نقد | + اسٹاک | + پلانٹ و مشینری | + بینک | + فرنیچر | | | |
| 1,05,000 | +1,65,000 | + 3,00,000 | + 5,00,000 | + 1,00,000 | = | 3,20,000 | + 8,50,000 |
| **60,000** | **+(45,000)** | | | | | | **+ 15,000** |
| **1,65,000** | **+1,20,000** | **+3,00,000** | **+ 5,00,000** | **+1,00,000** | **=** | **3,20,000** | **+ 8,65,000** |
| **کل** | **11,85,000** | | | | **=** | **11,85,000** | |

لین دین (vii) یہ اثاثہ جات کی جانب قرض داروں اور اسٹاک کو متاثر کرتا ہے اور دوسری جانب اصل سرمایہ کو۔ قرض داروں میں 1,25,000 روپے، اضافہ ہوتا ہے اور مال کے اسٹاک میں 8,000 روپے کی کمی ہوتی ہے۔ سرمایہ 45,000 روپے بڑھ جاتا ہے۔

| اثاثے | | | | | | = | واجبات | + اصل سرمایہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نقد | + اسٹاک | + پلانٹ و مشینری | + بینک | + فرنیچر | + قرض دار | = | | |
| 1,65,000 | +1,20,000 | + 3,00,000 | +5,00,000 | + 1,00,000 | | = | 3,20,000 | +8,65,000 |
| | **(80,000)** | | | | **+1,25,000** | **=** | | **+ 45,000** |
| **1,65,000 +** | **40,000** | **+3,00,000** | **+5,00,000** | **+1,00,000** | **+1,25,000** | **=** | **3,20,000** | **+9,10,000** |
| **کل** | **12,30,000** | | | | | **=** | **12,30,000** | |

لین دین (viii) یہ ایک طرف تو اثاثہ جات کی جانب بینک کو اور دوسری جانب دین داری کو متاثر کرتا ہے۔ اثاثہ جات کی جانب بینک میں 35,000 روپے کی کمی ہوتی ہے اور 35,000 روپے کی دین داری بھی کم ہو جاتی ہے۔

| اثاثے | | | | | | = | واجبات | + اصل سرمایہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نقد | + اسٹاک | + پلانٹ و مشینری | + بینک | + فرنیچر | + قرض دار | = | | |
| 1,65,000 + | 40,000 | + 3,00,000 | +5,00,000 | + 1,00,000 | +1,25,000 | = | 3,20,000 | +9,10,000 |
| | | | **(35,000)** | | | **=** | **(35,000)** | |
| **1,65,000 +** | **40,000** | **+3,00,000** | **+4,65,000** | **+1,00,000** | **+1,25,000** | **=** | **2,85,000** | **+9,10,000** |
| **کل** | **11,95,000** | | | | | **=** | **11,95,000** | |

لین دین (ix) یہ صرف اثاثہ جاتی جانب کو متاثر کرتا ہے۔ اثاثہ جات کی جانب اثاثہ جات کی ترکیب بدل جاتی ہے۔ بینک میں 75,000 روپے کا اضافہ ہوتا ہے اور اتنی ہی رقم سے قرض دار کم ہو جاتی ہے۔

© NCERT not to be republished

| اصل سرمایہ | + واجبات | = | | | | | | اثاثے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | = | قرض دار | + فرنیچر | + بینک | + پلانٹ و مشینری | + اسٹاک | + نقد |
| 9,10,000 | 2,85,000 | = | 1,25,000 | 1,00,000 | 4,65,000 | 3,00,000 | 40,000 | 1,65,000 |
| | | | (75,000) | | + 75,000 | | | |
| **9,10,000** | **2,85,000** | **=** | **50,000** | **1,00,000** | **5,40,000** | **3,00,000** | **40,000** | **1,65,000** |
| | **11,95,000** | **=** | | | | | **11,95,000** | **کل** |

لین دین (x) یہ ایک طرف تو اثاثہ جات کی جانب نقد اور دوسری جانب سرمایہ کو متاثر کرتا ہے۔ اثاثہ جات کی جانب نقد میں 25,000 روپے کی کمی ہوتی ہے جبکہ سرمایہ 25,000 روپے کم ہو جاتا ہے۔

| اصل سرمایہ | + واجبات | = | | | | | | اثاثے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | = | قرض دار | + فرنیچر | + بینک | + پلانٹ و مشینری | + اسٹاک | + نقد |
| 9,10,000 | 2,85,000 | = | 50,000 | 1,00,000 | 5,40,000 | 3,00,000 | 40,000 | 1,65,000 |
| **+ (25,000)** | | **=** | | | | | | **(25,000)** |
| **8,85,000** | **2,85,000** | **=** | **50,000** | **1,00,000** | **5,40,000** | **3,00,000** | **40,000** | **1,40,000** |
| | **11,95,000** | **=** | | | | | **11,95,000** | **کل** |

## 3.4 ابتدائی اندراج کی کتابیں (Books of Original Entry)

گذشتہ صفحات میں آپ نے ڈیبٹ اور کریڈٹ کے بارے میں مطالعہ اور مشاہدہ کیا کہ لین دین کس طرح کھاتوں کو متاثر کرتے ہیں۔ لین دین کے تجزیے اور کھاتوں میں ان کے اثرات کے براہِ راست اندراج کا عمل ایک آموزشی مشق کے طور پر معاون ہوتا ہے۔ بہرحال، حقیقی کھاتہ داری طریقوں کے تحت لین دین کو براہِ راست کھاتوں میں درج نہیں کیا جاتا۔ وہ کتاب جس میں لین دین کا پہلی مرتبہ اندراج کیا جاتا ہے روزنامچہ (جرنل) یا ابتدائی اندراج کی کتاب کہلاتی ہے۔ جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے، جرنل میں لین دین کا اندراج کرنے کے لیے ماخذ دستاویز (Source Document) کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ کام ایک جگہ میں ہر لین دین کا مکمل ریکارڈ فراہم کرتا ہے اور ہر لین دین کے لیے ڈیبٹ اور کریڈٹ کے تعلق کو واضح کرتا ہے۔ جرنل میں ہر لین دین کے لیے ڈیبٹ اور کریڈٹ کا اندراج کرنے کے بعد ان کو انفرادی کھاتوں پر منتقل کیا جاتا ہے۔ جرنل میں لین دین کو درج کرنے کا عمل روزنامچہ بھرنا (Journalising) کہلاتا ہے۔ روزنامچہ بھرنے کے عمل کی تکمیل ہوتے ہی روزنامچہ کا اندراج ادارے پر مرتب ہونے والے تمام اثرات کی مکمل اور قابلِ استعمال تشریح فراہم کرتا ہے۔ روزنامچہ کے اندراج (Jounral Entry) کو انفرادی کھاتوں پر منتقل کرنے کے عمل کو کھتونی (پوسٹنگ) کہتے ہیں۔ اس ترتیب کے باعث جرنل کو اندراج کی ابتدائی کتاب اور لیجر کو اندراج کی اوّل کتاب (Principal Book of Entry) کہتے ہیں۔ اس حوالے سے، اس بات کو

© NCERT not to be republished

دھیان میں رکھنا چاہئے کہ زیادہ تر لین دینوں کی یکسانیت اور تعداد کی وجہ سے جرنل کو کئی اندراج کی ابتدائی کتابوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جو کہ درج ذیل ہیں۔

(a) اصل جرنل (Jounral Proper)

(b) نقدی بہی (Cash Book)

(c) دیگر روزنامچہ (Other Day Books)

(i) خریداری بہی (Purchase Book)

(ii) فروخت بہی (Sales Book)

(iii) خرید واپسی بہی (Sales Return Book)

(iv) فروخت واپسی بہی (Sales Return Book)

(v) قابلِ وصول بل بہی (Bills Receivable Book)

(vi) قابلِ ادا بہی (Bills Payable Book)

اس باب میں آپ روزنامچہ بھرنے اور پھر انہیں لیجر میں کھتیانے کے عمل کے بارے میں پڑھیں گے۔ نقد بہی اور دیگر روزنامچوں (Day Books) کے بارے میں تفصیل کے ساتھ باب 4 میں بیان کیا گیا ہے۔

### 3.4.1 جرنل (روزنامچہ) *(Journal)*

یہ ابتدائی اندراج کی بنیادی کتاب (بہی) ہے اس کتاب میں لین دین ترتیب وار درج کیے جاتے ہیں یعنی جب اور جس طرح وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ بعدازاں، اس کتاب سے لین دین کو متفرق کھاتوں میں پوسٹ (کھتیایا) کیا جاتا ہے۔ یہ طے کرنے کے بعد کہ مخصوص کھاتہ کو ڈیبٹ کرنا ہے یا کریڈٹ، ہر لین دین کو علاحدہ درج کیا جاتا ہے۔ جرنل کا خاکہ شکل 3.5 میں دکھایا گیا ہے۔

**جرنل**

| تاریخ | تفصیلات | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم (روپے) | کریڈٹ رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**شکل 3.5** جرنل کا خاکہ

جرنل میں پہلا کالم لین دین کے وقوع پذیر ہونے کی تاریخ کا ہوتا ہے۔ تفصیلات کے کالم میں، ڈیبٹ کیے جانے والے کھاتہ کا عنوان بائیں ہاتھ سے شروع ہونے والی لائن کے کونے پر تحریر کیا جاتا ہے اور .Dr کا لفظ کالم کے آخر میں لکھا جاتا ہے۔ کریڈٹ کیے جانے والے کھاتہ کا عنوان بائیں ہاتھ پر مناسب گنجائش چھوڑ کر دوسری لائن میں 'To' کے سابقے کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ کھاتہ عنوانات کے نیچے لین دین کی مختصر تشریح دی جاتی ہے جسے تفصیل (Narration) کہتے ہیں۔ تشریح لکھنے کے بعد تفصیلات کالم میں ایک لائن کھینچی جاتی ہے جو کہ ایک جرنل اندراج کے ختم ہونے کی نشاندہی کرتی ہے۔ لیجر فولیو کے کالم میں لیجر کتاب کا وہ صفحہ نمبر درج کیا جاتا ہے جس پر متعلقہ کھاتہ بنایا گیا ہے۔ یہ کالم کھتونی (پوسٹنگ) کے وقت پُر کیا جاتا ہے نہ کہ جرنل اندراج کرتے وقت۔

ڈیبٹ رقم کالم میں ڈیبٹ کیے جانے والے کھاتے کی رقم کا اندراج کیا جاتا ہے اسی طرح کریڈٹ رقم کالم میں کریڈٹ کیے جانے والے کھاتے کی رقم کا اندراج کیا جاتا ہے۔ یہاں یہ بات دھیان میں رکھنی چاہئے کہ جو لین دین کیے جاتے ہیں ان کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے اور ان کا جرنل کتاب میں اندراج کئی صفحوں پر کیا جاتا ہے اور انہیں اگلے صفحہ پر لے جایا جاتا (Carried Forward) ہے جہاں ایسی رقوم کا اندراج پیچھے سے لائے گئے (Brought Forward) بقیہ کے طور پر کیا جاتا ہے۔

جرنل اندراج کاروباری لین دین کی بنیاد ہوتی ہے۔ یہ سادہ بھی ہوسکتی ہے اور مرکب بھی۔ جب ایک لین دین کے تحت صرف دو کھاتوں کا اندراج کرنا ہوتا ہے تب اسے سادہ جرنل اندراج کہتے ہیں۔

مثال کے طور پر، 24 دسمبر 2017 کو میسرز گووند ٹریڈرس سے 30,000 روپے کا ادھار مال خریدا۔ اس لین دین میں دو کھاتے شامل ہیں: (a) خریداری کھاتہ (b) گووند ٹریڈرس کھاتہ (قرض خواہ)۔ اس لین دین کا اندراج جرنل میں درج ذیل طریقے سے ہوگا:

### جرنل

| تاریخ | تفصیلات | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم (روپے) | کریڈٹ رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| 2014<br>دسمبر 24, | Purchases A/c Dr.<br>To Govind Traders A/c<br>(گووند ٹریڈرس سے تجارتی مال خریدا) | | 30,000 | 30,000 |

یہاں یہ بات دھیان میں رکھی جائے گی کہ لین دین کے نتیجہ میں حالانکہ مال کے اسٹاک میں اضافہ ہوتا ہے لیکن ڈیبٹ کیا جانے والا کھاتہ خریداری کا ہوگا نہ کہ مال کا۔ درحقیقت جیسا کہ باب 7 میں بیان کیا گیا ہے کہ مال کے کھاتے کو پانچ کھاتوں میں تقسیم کیا جاتا ہے یعنی خریداری کھاتہ، فروخت کھاتہ، خرید واپسی کھاتہ، فروخت واپسی کھاتہ اور اسٹاک کھاتہ۔ جب ڈیبٹ یا

© NCERT not to be republished

کریڈٹ کیے جانے والے کھاتوں کی تعداد ایک سے زیادہ ہوتی ہے تب لین دین کو درج کرنے کے لیے کیا جانے والا اندراج مرکب جرنل اندراج (Compound Journal Entry) کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر، 4 جولائی 2017 کو ماڈرن فرنیچرس سے 25,000 روپے میں آفس فرنیچر خریدا اور 5,000 روپے فوراً نقد کی صورت ادا کیے گئے بقیہ 20,000 روپے اب تک قابلِ ادا ہیں۔ اس سے فرنیچر (اثاثہ) میں 25,000 روپے کا اضافہ ہوتا ہے، نقد (اثاثہ) میں 5,000 روپے کی کمی اور دین داری میں 20,000 روپے کا اضافہ ہوتا ہے جرنل میں 4 جولائی 2017 کو کیا جانے والا اندراج ہے:

## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم (روپے) | کریڈٹ رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| 2017<br>4 جولائی | آفس فرنیچر کھاتہ نقد Dr. | | 25,000 | |
| | نقد کھاتہ | | | 5,000 |
| | ماڈرن فرنیچر کھاتہ | | | 20,000 |
| | (ماڈرن فرنیچرس سے آفس فرنیچر خریدا) | | | |

اب مثال (صفحہ 53) لیں اور مشاہدہ کریں کہ لین دین کو جرنل میں کس طرح درج کیا جاتا ہے۔

## روہت کی کتابیں
## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم (روپے) | کریڈٹ رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| | Cash A/c Dr. | | 5,00,000 | |
| | To Capital A/c | | | 5,00,000 |
| | (نقد سے کاروبار شروع کیا) | | | |
| | Bank A/c Dr. | | 4,80,000 | |
| | To Cash A/c | | | 4,80,000 |
| | (اسٹیٹ بینک آف انڈیا میں کھاتہ کھولا) | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | Furniture A/c Dr.<br>To Bank A/c<br>(فرنیچر خریدا اور بینک کے ذریعہ ادائیگی کی) | | 60,000 | 60,000 |
| | Plant and Machinery A/c Dr.<br>To Cash A/c<br>To Ramjee Lal A/c<br>(میسرز رام جی لال سے پلانٹ و مشینری خریدی، 10,000 روپے نقد پیشگی ادا کیے اور بقیہ بعد میں) | | 1,25,000 | 10,000<br>1,15,000 |
| | Purchases A/c Dr.<br>To M/s Sumit Traders A/c<br>(مال ادھار خریدا) | | 55,000 | 55,000 |
| | Rajni Enterprises A/c Dr.<br>To Sales A/c<br>(منافع پر مال فروخت کیا) | | 35,000 | 35,000 |
| | کل | | 12,55,000 | 12,55,000 |

**مثال 2**

سورج مارٹ نے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کی ہیں:
اپریل 2010 کے مہینے میں ہونے والے لین دین درج ذیل ہیں:

| تاریخ | تفصیلات |
|---|---|
| 1.4.2017 | 1,50,000 روپے نقد سے کاروبار شروع کیا۔ |
| 1.4.2017 | منیشا سے 36,000 روپے کا مال خریدا۔ |
| 1.4.2017 | 2,200 روپے نقد سے اسٹیشنری خریدی۔ |
| 2.4.2017 | ایس بی آئی میں 35,000 روپے سے کھاتہ کھولا۔ |
| 2.4.2017 | پریہ کو 16,000 روپے کا مال فروخت کیا۔ |
| 3.4.2017 | پریہ سے 16,000 روپے کا چیک وصول کیا۔ |
| 5.4.2017 | ندھی کو 14,000 روپے کا مال فروخت کیا۔ |
| 8.4.2017 | ندھی نے 14,000 روپے نقد ادا کیے۔ |
| 10.4.2017 | ریتو سے 20,000 روپے کا مال ادھار خریدا۔ |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| 14.4.2017 | 6,000 روپے چیک کے ذریعہ بیمہ ادا کیا۔ |
| 18.4.2017 | 2,000 روپے کرایہ ادا کیا۔ |
| 20.4.2017 | 1,500 روپے لاگت کا مال بطور خریدا۔ |
| 24.4.2017 | 11,200 روپے کا آفس فرنیچر خریدا۔ |
| 29.4.2017 | گھریلو مقاصد کے لیے 5,000 روپے نقد نکالے۔ |
| 30.4.2017 | 1,200 روپے نقد سود وصول کیا۔ |
| 30.4.2017 | نقد فروخت 2,300 روپے۔ |
| 30.4.2017 | چیک کے ذریعہ 3,000 روپے کمیشن ادا کیا۔ |
| 30.4.2017 | چیک کے ذریعہ 2,000 روپے کا ٹیلیفون بل ادا کیا۔ |
| 30.4.2017 | 12,000 روپے نقد بطور تنخواہ ادا کیے گئے۔ |

لین دین کا جرنل میں اندراج کیجیے۔

**حل**

## سورج مارٹ کی کتابیں
## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم (روپے) | کریڈٹ رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | | | | | |
| اپریل 1 | Cash A/c | Dr. | | 1,50,000 | |
| | To Capital A/c | | | | 1,50,000 |
| | (نقد سے کاروبار شروع کیا) | | | | |
| اپریل 1 | Purchase A/c | Dr. | | 36,000 | |
| | To Manisha A/c | | | | 36,000 |
| | (ادھار مال خریدا) | | | | |
| اپریل 1 | Stationery A/c | Dr. | | 2,200 | |
| | To Cash A/c | | | | 2,200 |
| | (نقد اسٹیشنری خریدی) | | | | |
| | کل C/f | | | 1,88,200 | 1,88,200 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | C/f کل | | 1,88,200 | 1,88,200 |
| اپریل2 | Bank A/c Dr.<br>To Cash A/c<br>(ایس بی آئی میں بینک کھاتہ کھولا) | | 35,000 | 35,000 |
| اپریل2 | Priya A/c Dr.<br>To Sales A/c<br>(پریہ کو ادھار مال فروخت کیا) | | 16,000 | 16,000 |
| اپریل3 | Bank A/c Dr.<br>To Priya A/c<br>(پریہ سے چیک وصول کیا) | | 16,000 | 16,000 |
| اپریل5 | Nidhi A/c Dr.<br>To Sales A/c<br>(ندھی کو ادھار پر مال فروخت کیا) | | 14,000 | 14,000 |
| اپریل8 | Cash A/c Dr.<br>To Nidhi A/c<br>(ندھی سے نقد وصولی کی) | | 14,000 | 14,000 |
| اپریل10 | Purchases A/c Dr.<br>To Ritu A/c<br>(ریتو سے ادھار پر مال خریدا) | | 20,000 | 20,000 |
| اپریل14 | Insurance Premium A/c Dr.<br>To Bank A/c<br>(بیمہ پریمیم کی ادائیگی چیک کے ذریعہ کی) | | 6,000 | 6,000 |
| اپریل18 | Rent A/c Dr.<br>To Cash A/c<br>(کرایہ ادا کیا) | | 2,000 | 2,000 |
| اپریل20 | Charity A/c Dr.<br>To Purchases A/c<br>(مال بطور خیرات دیا) | | 1,500 | 1,500 |
| | C/f کل | | 3,12,700 | 3,12,700 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | کل C/f | | 3.12,700 | 3.12,700 |
| اپریل 24 | Furniture A/c Dr.<br>To Cash A/c<br>(آفس فرنیچر خریدا) | | 11,200 | 11,200 |
| اپریل 29 | Drawings A/c Dr.<br>To Cash A/c<br>(مالک کے ذاتی استعمال کے لیے کاروبار سے نقد نکالا) | | 5,000 | 5,000 |
| اپریل 30 | Cash A/c Dr.<br>To Interest Received A/c<br>(سود وصول کیا) | | 1,200 | 1,200 |
| اپریل 30 | Cash A/c Dr.<br>To Sales A/c<br>(مال نقد پر فروخت کیا) | | 2,300 | 2,300 |
| اپریل 30 | Commission A/c Dr.<br>To Bank A/c<br>(کمیشن چیک کے ذریعہ ادا کیا) | | 3,000 | 3,000 |
| اپریل 30 | Telephone expenses A/c Dr.<br>To Cash A/c<br>(ٹیلیفون بل کی ادائیگی) | | 2,000 | 2,000 |
| اپریل 30 | Salaries A/c Dr.<br>To Cash A/c<br>(آفس کے لوگوں کو تنخواہ کی ادائیگی) | | 12,000 | 12,000 |
| | کل | | 3,49,400 | 3,49,400 |

**مثال 3**

تجزیاتی جدول بنا کر ثابت کیجیے کہ سیتارام ہاؤس کے مندرجہ ذیل تمام لین دین کھاتہ داری مساوات پر پورے اترتے ہیں۔ لین دین کو جرنل میں درج بھی کیجیے۔

(i) 6,00,000 روپے کے سرمائے سے کاروبار شروع کیا۔

© NCERT not to be republished

(ii) 4,50,000 روپے ایک بینک کھاتہ میں جمع کرائے۔

(iii) 2,30,000 روپے میں پلانٹ ومشینری خریدی اور 30,000 روپے نقد ادا کیے۔

(iv) 40,000 روپے کا نقد مال خریدا اور 45,000 روپے کا ! کھاتہ پر۔

(v) پلانٹ ومشینری کے سپلائیر کو 2,00,000 روپے کا ایک چیک ادا کیا۔

(vi) 50,000 روپے لاگت کے مال کو 70,000 روپے نقد میں فروخت کیا۔

(vii) مالک نے ذاتی استعمال کے لیے 35,000 روپے نکالے۔

(viii) 2,500 روپے کا بیمہ چیک سے ادا کیا۔

(ix) 5,500 روپے کی تنخواہ قابلِ ادا ہے۔

(x) 30,000 روپے کا فرنیچر نقد خریدا۔

**حل**

**جرنل**

| تاریخ | تفصیلات | | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم (روپے) | کریڈٹ رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | Cash A/c | Dr. | | 6,00,000 | |
| | To Capital A/c | | | | 6,00,000 |
| | (نقد کے ذریعہ کاروبار شروع کیا) | | | | |
| (ii) | Bank A/c | Dr. | | 4,50,000 | |
| | To Cash A/c | | | | 4,50,000 |
| | (بینک میں نقد جمع کرایا) | | | | |
| (iii) | Plant and Machinery A/c | Dr. | | 2,30,000 | |
| | To Cash A/c | | | | 30,000 |
| | To Creditors Lal A/c | | | | 2,00,000 |
| | (پلانٹ ومشینری 30,000 روپے نقد اور بقیہ بعد کی تاریخ کسں میں دے کر خریدی) | | | | |
| | کل C/f | | | 12,80,000 | 12,80,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | C/f کل | | 12,80,000 | 12,80,000 |
| (iv) | Purchase A/c Dr. | | 85,000 | |
| | To Cash A/c | | | 40,000 |
| | To Creditors Lal A/c | | | 45,000 |
| | (مال نقد اور ادھار میں خریدا) | | | |
| (v) | Creditors A/c Dr. | | 2,00,000 | |
| | To Bank | | | 2,00,000 |
| | (پلانٹ و مشینری کے سپلائیر کو ادائیگی کی) | | | |
| (vi) | Cash A/c Dr. | | 70,000 | |
| | To Sales A/c | | | 70,000 |
| | (منافع پر مال فروخت کیا) | | | |
| (vii) | Drawings A/c Dr. | | 35,000 | |
| | To Cash A/c | | | 35,000 |
| | (ذاتی استعمال کے لیے نقد نکالا) | | | |
| (viii) | Insurance A/c Dr. | | 2,500 | |
| | To Bank A/c | | | 2,500 |
| | (بیمہ چیک کے ذریعہ ادا کیا) | | | |
| (ix) | Outstanding Salary A/c Dr. | | 5,500 | |
| | To Salary A/c | | | 5,500 |
| | (قابلِ ادا تنخواہ) | | | |
| (x) | Furniture A/c Dr. | | 30,000 | |
| | To Cash A/c | | | 30,000 |
| | (نقد میں فرنیچر خریدا) | | | |
| | کل | | 17,08,000 | 17,08,000 |

© NCERT not to be republished

## اپنے فہم کی جانچ کیجیے-II

متاثر کھاتوں کے عنوانات، اقسام اور ڈیبٹ اور کریڈٹ کیے جانے والے کھاتوں کو بیان کیجیے:۔

| | روپے |
|---|---|
| 1۔ بھانو نے نقد سے کاروبار شروع کیا | 1,00,000 |
| 2۔ رمیش سے ادھار مال خریدا | 40,000 |
| 3۔ نقد مال فروخت کیا | 30,000 |
| 4۔ تنخواہ ادا کی | 3,000 |
| 5۔ نقد میں فرنیچر خریدا | 10,000 |
| 6۔ بینک سے ادھار لیا | 50,000 |
| 7۔ سریتا کو مال فروخت کیا | 10,000 |
| 8۔ رمیش کو نقد رقم ادا کی | 20,000 |
| 9۔ کرایہ ادا کیا | 1,500 |

| لین دین نمبر | متاثر کھاتہ کا نام | | کھاتوں کی اقسام (اثاثہ جات، واجبات، اصل سرمایہ، محاصل اور اخراجات) | | متاثر کھاتے اضافہ / کمی | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | 1 | 2 | 1 | 2 | 1 | 2 |
| 1۔ | | | | | | |
| 2۔ | | | | | | |
| 3۔ | | | | | | |
| 4۔ | | | | | | |
| 5۔ | | | | | | |
| 6۔ | | | | | | |
| 7۔ | | | | | | |
| 8۔ | | | | | | |
| 9۔ | | | | | | |

© NCERT not to be republished

## کھاتہ داری مساوات پر مختلف لین دین کے اثر کو دکھانے والا گوشوارہ

(روپوں میں)

| نمبر | نقد | بینک | اسٹاک | فرنیچر | پلانٹ و مشینری | کل | = | غیر تجارتی قرض خواہ | تجارتی قرض خواہ | اصل سرمایہ | کل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 6,00,000 | | | | | 6,00,000 | = | | | 6,00,000 | 6,00,000 |
| 2 | 6,00,000 | - | - | - | - | 6,00,000 | = | - | - | 6,00,000 | 6,00,000 |
| | (4,50,000) | 4,50,000 | | | | | | | | | |
| 3 | 1,50,000 | 4,50,000 | -- | -- | - | 6,00,000 | = | - | - | 6,00,000 | 6,00,000 |
| | (30,000) | - | - | - | 2,30,000 | 2,00,000 | | 2,00,000 | - | - | 2,00,000 |
| 4 | 1,20,000 | 4,50,000 | - | - | 2,30,000 | 8,00,000 | = | 2,00,000 | - | 600,000 | 8,00,000 |
| | (40,000) | - | 85,000 | - | - | 45,000 | | - | 45,000 | - | 45,000 |
| 5 | 80,000 | 4,50,000 | 85,000 | - | 2,30,000 | 8,45,000 | = | 2,00,000 | 45,000 | 600,000 | 8,45,000 |
| | - | (2,00,000) | - | - | - | (2,00,000) | | (2,00,000) | - | - | (2,00,000) |
| 6 | 80,000 | 2,50,000 | 85,000 | - | 2,30,000 | 6,45,000 | = | - | 45,000 | 6,00,000 | 20,000 |
| | 70,000 | - | (50,000) | - | - | 20,000 | | - | - | 20,000 | 20,000 |
| 7 | 1,50,000 | 2,50,000 | 35,000 | - | 2,30,000 | 6,65,000 | = | - | 45,000 | 6,20,000 | 6,65,000 |
| | (35,000) | - | - | | | (35,000) | | | | (35,000) | (35,000) |
| 8 | 1,15,000 | 2,50,000 | 35,000 | - | 2,30,000 | 6,30,000 | = | - | 45,000 | 5,85,000 | 6,30,000 |
| | | (2,500) | | | | (2,500) | | | | (2,500) | (2,500) |
| 9 | 1,15,000 | 2,47,500 | 35,000 | - | 2,30,000 | 6,27,500 | = | - | 45,000 | 5,82,500 | 6,27,500 |
| | | | | | | | | 5,500 | - | (5,500) | |
| 10 | 1,15,000 | 2,47,500 | 35,000 | - | 2,30,000 | 6,27,500 | = | 5,500 | 45,000 | 5,77,000 | 6,27,500 |
| | (30,000) | - | - | 30,000 | - | - | | - | - | - | |
| | 85,000 | 2,47,500 | 35,000 | 30,000 | 2,30,000 | 6,27,500 | = | 5,500 | 45,000 | 5,77,000 | 6,27,500 |

© NCERT not to be republished

## جی ایس ٹی کے تحت کھاتہ داری اندراجات

**مثال 4**

ضروری جنرل اندراجات ریکارڈ کیجیے۔
یہ فرض کرتے ہوئے کہ CGST کی شرح 5 فیصد اور SGST کی شرح 5 ہے اور تمام لین دین دہلی میں ہوتے ہیں۔

i. شوبت نے 1,00,000 روپے کا سامان قرض خریدا۔
ii. اس نے یہ اشیا اسی ریاست میں 1,35,000 روپے قرض فروخت کر دیں۔
iii. اس نے ریل بھاڑے پر 8,000 روپے ادا کیے۔
iv. اس نے 10,000 روپے ایک کمپیوٹر پرنٹر خریدا۔
v. 2000 روپے کے پوسٹل اخراجات ادا کیے۔

**جرنل**

| تاریخ | تفصیلات | | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم (روپے) | کریڈٹ رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | خریداری کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,00,000 | |
| | ماداخل CGST کھاتہ | ڈیبٹ | | 5,000 | |
| | ماداخل SGST کھاتہ | ڈیبٹ | | 5,000 | |
| | لین دار کھاتہ سے | | | | 1,10,000 |
| | (قرض پر خریدا جانے والا سامان) | | | | |
| (ii) | دین دار کھاتہ | ڈیبٹ | | 1,48,500 | |
| | فروخت کھاتہ سے | | | | 1,35,000 |
| | ماحصل CGST کھاتہ سے | | | | 6,750 |
| | ماحصل SGST کھاتہ سے | | | | 6,750 |
| | (قرض پر بیچا جانے والا سامان) | | | | |
| (iii) | ٹرانسپورٹ خرچ کھاتہ | ڈیبٹ | | 8,000 | |
| | ماداخل CGST کھاتہ | ڈیبٹ | | 400 | |
| | ماداخل SGST کھاتہ | ڈیبٹ | | 400 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | | 8,800 |
| | (ادا ہونے والا ٹرانسپورٹ خرچ) | | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (iv) | کمپیوٹر پرنٹر کھاتہ ڈیبٹ | | 10,000 | |
| | ماداخل CGST کھاتہ ڈیبٹ | | 500 | |
| | ماداخل SGST کھاتہ ڈیبٹ | | 500 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 11,000 |
| | (خریدا جانے والا کمپیوٹر پرنٹر) | | | |
| (v) | ڈاک خرچ کھاتہ ڈیبٹ | | 2,000 | |
| | ماداخل CGST کھاتہ ڈیبٹ | | 100 | |
| | ماداخل SGST کھاتہ ڈیبٹ | | 100 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 2,200 |
| | (ڈاک خرچ کے لیے ادا ہونے والا) | | | |
| (vi) | ماحصل CGST کھاتہ ڈیبٹ | | 6,750[3] | |
| | ماحصل SGST کھاتہ ڈیبٹ | | 6,750[4] | |
| | ماداخل CGST کھاتہ سے | | | 6,000[1] |
| | ماداخل SGST کھاتہ سے | | | 6,000[2] |
| | الیکٹرانک نقد کھاتہ بہی کھاتہ سے | | | 15,00 |
| | GST تلافی اور ادا کیا جانے والا بیلنس | | | |

**بنیادی اشارے :**

کل ماداخل CGST = 5,000 + 400 + 500 + 100 = 6,000[1] روپے

کل ماداخل SGST = 5,000 + 400 + 500 + 100 = 6,000[2] روپے

کل ماحصل CGST = 6,750[3] روپے

کل ماحصل SGST = 6,750[4] روپے

خالص CGST واجب الادا = 6,750 - 6,000 = 750 روپے

خالص SGST واجب الادا = 6,750 - 6,000 = 750 روپے

**مثال 5**

بہار کی سُمن کی بک میں ضروری جرنل اندراجات ریکارڈ کیجیے، یہ فرض کرتے ہوئے کہ CGST کی شرح 9 فیصد اور SGST کی شرح 9 فیصد ہے :

i 3,50,000 روپے کا سامان جھارکھنڈ سے خریدا گیا۔

ii. 2,00,000 روپے کا سامان اتر پردیش کو بیچا گیا۔

iii. 4,00,000 روپے کا سامان مقامی طور پر بیچا گیا۔

iv. 30,000 روپے کا ادا شدہ انشورینس پریمیم۔

v. 50,000 روپے کا فرنیچر آفس کے لیے خریدا گیا۔

© NCERT not to be republished

حل

## سمن کی کتابیں
## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم (روپے) | کریڈٹ رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | خریداری کھاتہ | ڈیبٹ | | 3,50,000 | |
| | مادخل IGST کھاتہ | ڈیبٹ | | 63,000 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | | 4,13,000 |
| | (خریدا جانے والا سامان) | | | | |
| (ii) | بینک کھاتہ | ڈیبٹ | | 2,36,000 | |
| | فروخت کھاتہ سے | | | | 2,00,000 |
| | ماحصل IGST کھاتہ سے | | | | 36,000 |
| | (صوبے سے باہر بیچا جانے والا سامان) | | | | |
| (iii) | دین دار کھاتہ | ڈیبٹ | | 4,72,000 | |
| | فروخت کھاتہ سے | | | | 4,00,000 |
| | ماحصل CGST کھاتہ سے | | | | 36,000 |
| | ماحصل SGST کھاتہ سے | | | | 36,000 |
| | (مقامی طور پر بیچا گیا سامان قرض پر) | | | | |
| (iv) | انشورینس پریمیم کھاتہ | ڈیبٹ | | 30,000 | |
| | مادخل CGST کھاتہ | ڈیبٹ | | 2,700 | |
| | مادخل SGST کھاتہ | ڈیبٹ | | 2,700 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | | 35,400 |
| | (واجب الادا انشورینس پریمیم) | | | | |
| (v) | فرنیچر کھاتہ | ڈیبٹ | | 50,000 | |
| | مادخل CGST کھاتہ | ڈیبٹ | | 4,500 | |
| | مادخل SGST کھاتہ | ڈیبٹ | | 4,500 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | | 59,000 |
| | (خریدا جانے والا فرنیچر) | | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (vi) | ماحصل CGST کھاتہ ڈیبٹ | | 34,200 | |
| | مادخل CGST کھاتہ سے | | | 7,200 |
| | مادخل IGST کھاتہ سے | | | 27,000 |
| | (ماحصل CGST کی شمولیت) | | | |
| (vii) | ماحصل SGST کھاتہ ڈیبٹ | | 7,200 | |
| | مادخل CGST کھاتہ سے | | | 7,200 |
| | مادخل SGST کھاتہ سے | | | |
| | (ماحصل SGST کی شمولیت) | | | |
| (viii) | ماحصل IGST کھاتہ ڈیبٹ | | 36,200 | |
| | مادخل IGST کھاتہ سے | | | 36,000 |
| | (ماحصل SGST کی شمولیت) | | | |
| (ix) | ماحصل CGST کھاتہ ڈیبٹ | | 1,800 | |
| | ماحصل SGST کھاتہ | | 28,800 | |
| | الیکٹرانک نقد کھاتہ بہی (لیجر) کھاتہ | | | 30,600 |
| | (آخری کی جانے والی ادائیگی) | | | |

**بنیادی اشارے:**

**حساب کتاب شیٹ**

| تفصیلات | CGST | SGST | IGST |
|---|---|---|---|
| ماحصل واجبات | 36,000 | 36,000 | 36,000 |
| نقصان: مادخل (Input) ٹیکس کریڈٹ | | | |
| CGST | 7,200 | | |
| SGST | | 7,200 | |
| IGST | 27,000 | | 36,000 |
| واجب الادا رقم | 1,800 | 28,800 | نل |

کسی بھی طرح کے IGST کو سب سے پہلے IGST سے لاگو کیا جائے گا، اس کے بعد CGST سے، اگر کوئی بیلنس بقایہ ہے تو اس کو SGST پر لاگو کیا جائے گا۔

© NCERT not to be republished

## 3.5 لیجر (Ledger)

لیجر کھاتہ داری نظام کی اول کتاب (Principle Book) ہے۔ یہ مختلف کھاتوں پر مشتمل ہوتی ہے جن میں ان کھاتوں سے متعلق لین دین کو درج کیا جاتا ہے۔ لیجر اصل جرنل اور دوسرے خصوصی جرنلوں میں ڈیبٹ یا کریڈٹ کیے جانے والے تمام کھاتوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ لیجر ایک مجلد رجسٹر، کارڈس یا پھر علاحدہ شیٹوں کی فائل شدہ شکل میں ہوسکتا ہے۔ لیجر میں ہر کھاتہ کو عموماً ایک علاحدہ صفحہ یا کارڈ پر کھولا جاتا ہے۔

### افادیت

لیجر کسی تنظیم کے لیے نہایت ہی اہم اور سودمند ہوتا ہے۔ ایک دی ہوئی تاریخ میں کسی بھی کھاتہ سے متعلق تمام لین دین کے نتائج کو لیجر سے معلوم کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً، انتظامیہ ایک مخصوص تاریخ کو، ایک گاہک پر واجب رقم معلوم کرنا چاہتی ہے یا یہ معلوم کرنا چاہتی ہے کہ فلاں سپلائیر کو کیا رقم ادا کرنی ہے ایسی معلومات صرف لیجر سے معلوم کی جاسکتی ہے۔ ایسی معلومات جرنل سے معلوم کرنا نہایت دشوار ہے کیونکہ جرنل میں لین دین کو ترتیب وار درج کیا جاتا ہے نہ کہ ان کی زمرہ بندی کے حساب سے۔ پوسٹنگ اور نشاندہی کی آسانی کے لیے لیجر میں کھاتوں کو کچھ خاص ترتیب سے کھولا جاتا ہے مثلاً، ان کو اسی ترتیب سے کھولا جاسکتا ہے جس ترتیب سے وہ نفع ونقصان کھاتے اور بیلنس شیٹ میں نظر آتے ہیں۔ ابتدا میں ایک فہرست شمار (Index) بھی فراہم کی جاتی ہے۔ بڑے اداروں میں، نشاندہی کی آسانی کے لیے ہر کھاتہ کو ایک کوڈ نمبر بھی دیا جاتا ہے۔ کھاتہ کا خاکہ شکل 3.6 میں دکھایا گیا ہے۔

**کھاتہ کا نام**

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

**شکل 3.6** : لیجر کا خاکہ (Format)

اس کے مطابق کالم مندرجہ ذیل معلومات پر مشتمل ہوں گے۔

کسی بھی کھاتے کو اس کھاتہ سے متعلق پہلے سے بیان شدہ ڈیبٹ اور کریڈٹ قواعد کے مطابق ڈیبٹ یا کریڈٹ کیا جائے گا۔

**کھاتہ کا عنوان** : شی کے نام کو کھاتے کے عنوان کے طور پر خاکہ کے اوپر تحریر کیا جاتا ہے۔ کھاتہ کے عنوان کے آخر میں 'کھاتہ' لکھا جاتا ہے۔

.Dr. :Cr./Dr کا مطلب ہے کھاتہ کی ڈیبٹ جانب جو کہ بائیں طرف ہوتی ہے اور .Cr کا مطلب ہوتا ہے کھاتہ کی کریڈٹ جانب جو کہ دائیں طرف ہوتی ہے۔

**تاریخ:** اس کالم میں لین دین کی تاریخ، سال، ماہ کو ترتیب وار پوسٹ کیا جاتا ہے۔

**تفصیلات:** کھاتہ کی ڈیبٹ یا کریڈٹ جانب شی کا نام اندراج کی ابتدائی (Original) کتاب کے حوالے کے ساتھ تحریر کیا جاتا ہے۔

**جرنل فولیو:** اس میں اندراج کی ابتدائی کتاب کا وہ صفحہ نمبر درج کیا جاتا ہے جس پر متعلقہ لین دین درج ہے۔ اس کالم کو کھتونی (پوسٹنگ) کے وقت پُر کیا جاتا ہے۔

**رقم:** اس کالم میں رقم کو اعدادی شکل میں درج کیا جاتا ہے۔ یہ رقم اندراج کی ابتدائی کتاب کے رقم کے کالم میں لکھی گئی رقم کے مطابق ہوتی ہے۔

## اپنی فہم کی جانچ کیجیے–III

درست جواب کا انتخاب کیجیے:

1۔ جرنل کا لیجر فولیو کالم استعمال کیا جاتا ہے:
- (a) اس تاریخ کا اندراج کرنے کے لیے جس میں لیجر کھاتہ پر رقم کی پوسٹنگ کی گئی۔
- (b) لیجر کھاتہ کے نمبر کا اندراج کرنے کے لیے جس پر معلومات پوسٹ کی جاتی ہیں۔
- (c) لیجر کھاتہ پر پوسٹ کی گئی رقوم کا نمبر درج کرنے کے لیے۔
- (d) لیجر کھاتہ کا صفحہ نمبر درج کرنے کے لیے۔

2۔ خدمات کی ادھار فروخت کے ریکارڈ والے جرنل اندراج میں شامل ہونا چاہیے:
- (a) قرض داروں کو ڈیبٹ اور اصل سرمایہ کو کریڈٹ
- (b) نقد کو ڈیبٹ اور قرض داروں کو کریڈٹ
- (c) فیس آمدنی کو ڈیبٹ اور قرض داروں کو کریڈٹ
- (d) قرض داروں کو ڈیبٹ اور فیس آمدنی کو کریڈٹ

3۔ سازوسامان کی خریداری (نقد 2,00,000 روپے اور بقیہ 8,00,000 روپے 30 دنوں میں واجب الادا) کو درج کرنے والے جرنل اندراج میں شامل ہونے چاہئیں:
- (a) 2,00,000 روپے کے سازوسامان کا ڈیبٹ اور 2,00,000 کا نقد کریڈٹ۔
- (b) 10,00,000 روپے کے سازوسامان کے لیے ڈیبٹ، 2,00,000 روپے نقد اور 8,00,000 روپے کے قرض خواہ کریڈٹ۔

© NCERT not to be republished

(c) 2,00,000 روپے سازوسامان ڈیبٹ اور 8,00,000 روپے قرض دار کریڈٹ

(d) 10,00,000 روپے سازوسامان ڈیبٹ اور 10,00,000 روپے نقد کریڈٹ

4۔ جب جرنل میں اندراج کیا جاتا ہے:

(a) پہلے اثاثہ جات کی فہرست بنائی جاتی ہے۔

(b) پہلے ڈیبٹ کیے جانے والے کھاتوں کی فہرست بنائی جاتی ہے۔

(c) پہلے کریڈٹ کیے جانے والے کھاتوں کی فہرست بنائی جاتی ہے۔

(d) کھاتوں کو کسی بھی ترتیب سے فہرست بند کیا جاسکتا ہے۔

5۔ اگر کسی لین دین کا مناسب تجزیہ اور اندراج کیا جائے:

(a) لین دین کا اندراج کرنے میں صرف دو کھاتے استعمال ہوں گے۔

(b) لین دین کا اندراج کرنے میں ایک کھاتہ استعمال ہوگا۔

(c) ایک کھاتے کے بیلنس میں اضافہ ہوگا اور دوسرے میں کمی ہوگی۔

(d) ڈیبٹ شدہ کل رقم کریڈٹ شدہ کل رقم کے مساوی ہوگی۔

6۔ ماہانہ بل کی ادائیگی کرنے والے جرنل اندراج میں شامل ہوگا:

(a) ماہانہ بل ڈیبٹ اور اصل سرمایہ کریڈٹ

(b) اصل سرمایہ ڈیبٹ اور نقد کریڈٹ

(c) ماہانہ بل ڈیبٹ اور نقد کریڈٹ

(d) ماہانہ بل ڈیبٹ اور قرض خواہ (Creditors) کریڈٹ

7۔ تنخواہوں والے جرنل اندراج میں شامل ہوگا:

(a) تنخواہیں ڈیبٹ نقد کریڈٹ

(b) اصل سرمایہ ڈیبٹ نقد کریڈٹ

(c) نقد ڈیبٹ اور تنخواہ کریڈٹ

(d) تنخواہ ڈیبٹ اور قرض خواہ کریڈٹ

## جرنل اور لیجر کے درمیان فرق

جرنل اور لیجر دوہرے اندراج کے کھاتہ داری نظام کی اہم کتابیں ہیں اور کھاتہ داری طریقہ کے لیے ناگزیر ہیں۔ مندرجہ ذیل نکات کی بنیاد پر دونوں میں موازنہ کیا جاسکتا ہے۔

1۔ جرنل اولین اندراج (ابتدائی اندراج) کی کتاب ہے، لیجر دوسرے اندراج کی کتاب ہے۔

© NCERT not to be republished

2۔ جرنل تاریخ وار اندراج کی کتاب ہے۔ لیجر تجزیاتی ریکارڈ/ اندراج کی کتاب ہے۔

3۔ جرنل کیونکہ ماخذ اندراج کی کتاب ہے اس لیے اسے بطور قانونی ثبوت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔

4۔ جرنل میں اعداد وشمار کی زمرہ بندی کی بنیاد لین دین ہے، لیجر میں اعداد وشمار کی زمرہ بندی کی بنیاد کھاتہ ہے۔

5۔ جرنل میں اندراج کے عمل کو روزنامچہ بھرنا کہتے ہیں۔ لیجر میں اندراج کے عمل کو کھتیانا (Posting) کہتے ہیں۔

### 3.5.1 لیجر کھاتوں کی زمرہ بندی (Classification of Ledger Accounts)

ہم نے پہلے یہ مشاہدہ کیا ہے کہ تمام لیجر کھاتوں کو پانچ زمرہ میں رکھا جاتا ہے یعنی اثاثہ جات، واجبات، اصل سرمایہ، محاصلات/ منافع اور اخراجات یا نقصانات۔ ان تمام کھاتوں کو مزید دو گروپوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے یعنی مستقل/ قائم کھاتے اور عارضی کھاتے۔ تمام قائم کھاتوں کو بیلنس/ توازن کیا جاتا ہے اور اگلی کھاتہ داری مدت کے لیے ان کو اگلے صفحہ پر لے جایا جاتا ہے جسے انگریزی میں (Carried Forward) کہا جاتا ہے۔ عارضی کھاتوں کو کھاتہ داری مدت کے خاتمہ پر ٹریڈنگ/تجارتی اور نفع و نقصان کھاتے پر منتقل کر کے ختم کر دیا جاتا ہے۔ تمام قائم کھاتوں کو بیلنس شیٹ میں دکھایا جاتا ہے۔ اس طرح تمام اثاثہ جات، واجبات اور اصل سرمایہ کھاتے قائم کھاتے ہیں اور تمام محاصل اور اخراجات کھاتے عارضی کھاتے ہیں۔ یہ زمرہ بندی مالی گوشواروں کی تیاری کے لیے بھی موزوں ہے۔

## 3.6 جرنل سے کھتیانا (Posting from Journal)

پوسٹنگ اندراجات کو ابتدائی اندراج کی کتابوں (Books of Original Entry) سے لیجر پر منتقل کرنے کا عمل ہے۔ دوسرے الفاظ میں، پوسٹنگ کا مطلب ایک مخصوص کھاتہ سے متعلق تمام لین دین کو ایک جگہ گروپ کرنا ہے تاکہ بامعنی نتائج حاصل ہوسکیں اور مزید کھاتہ داری عمل چل سکے۔ جرنل سے پوسٹنگ کو میعادی طور پر (Periodically) کی جاتی ہے۔ یہ مدت کاروبار کی آسانی اور ضرورتوں کے مطابق مہینے، پندرہ دن، یا ہفتہ بھر کی بھی ہوسکتی ہے۔

جرنل سے لیجر پر پوسٹنگ کے مکمل عمل کو ذیل میں بیان کیا گیا ہے:

اقدام 1: لیجر میں وہ کھاتہ تلاش کرو جو ڈیبٹ کیا جاتا ہے اور جرنل میں درج کیا گیا ہے۔

اقدام 2: ڈیبٹ کی جانب تاریخ کے کالم میں لین دین کی تاریخ کو درج کرو۔

اقدام 3: تفصیلات کے کالم میں کھاتہ کا نام لکھو جس کے ذریعہ جرنل میں اسے ڈیبٹ کیا گیا ہے۔ مثلاً 34,000 روپے نقد میں فرنیچر فروخت کیا۔ اب، نقد کھاتہ میں ڈیبٹ کی تفصیلات کے کالم میں 'فرنیچر' درج کیا جائے گا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ فرنیچر کی فروخت سے نقد وصول ہوا ہے۔ فرنیچر کھاتہ میں، لیجر کے اندر کریڈٹ کی جانب پر تفصیلات کالم ہے جس میں نقد کا لفظ درج کیا جائے گا۔ یہی طرز عمل جرنل میں درج کیے گئے تمام اندراجات کے لیے اپنایا جاتا ہے۔

**اقدام 4:** فولیو کالم میں جرنل کا صفحہ نمبر درج کرو اور جرنل میں لیجر کا صفحہ نمبر لکھو جس پر وہ کھاتہ دکھایا گیا ہے۔
**اقدام 5:** ڈیبٹ کی جانب رقم کالم میں موزوں رقم درج کرو۔ یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیئے کہ یہی طرز عمل کریڈٹ کیے جانے والے کھاتے کی کریڈٹ جانب اندراج کرنے میں اپنایا جاتا ہے۔ لیجر میں صرف ایک ہی مرتبہ ایک کھاتہ کھولا جاتا ہے اور اس کھاتہ سے متعلق تمام اندراجات کو ڈیبٹ یا کریڈٹ کی جانب پوسٹ کیا جاتا ہے۔
-اب ہم صفحہ 53 اور 54 پر درج مثال میں جرنل کے مختلف کھاتوں کے لین دین پر غور کریں گے۔

## نقد کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | اصل سرمایہ | | 5,00,000 | | بینک | | 4,80,000 |
| | | | | | پلانٹ اور مشینری | | 10,000 |

## سرمایہ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | نقد | | 5,00,000 |

## بینک کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | نقد | | 4,80,000 | | فرنیچر | | 60,000 |

© NCERT not to be republished

## فرنیچر کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بینک | | 60,000 | | | | |

## پلانٹ و مشینری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | نقد | | 10,000 | | | | |
| | رام جی لال | | 1,15,000 | | | | |

## رام جی لال کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | پلانٹ اور مشینری | | 1,15,000 |

## خریداری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | سمیت ٹریڈرس | | 55,000 | | | | |

## سمت ٹریڈرس کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | خریداریاں | | 55,000 |

© NCERT not to be republished

## رجنی انٹر پرائزیز کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بکری | | 35,000 | | | | |

## فروخت کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | رجنی انٹر پرائزیز | | 35,000 |

© NCERT not to be republished

### اپنی فہم کی جانچ کیجیے-IV

خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

1۔ کرایہ ادا کرنے کے لیے 8,000 روپے کا چیک ادا کیا۔ ڈیبٹ کیا جانے والا کھاتہ ہے ...............

2۔ قرض داروں سے 35,000 روپے جمع کیے۔ کریڈٹ کیا جانے والا کھاتہ ہے ...............

3۔ 18,000 روپے کی آفس اسٹیشنری خریدی۔ کریڈ کیا جانے والا کھاتہ ہے ...............

4۔ 1,70,000 میں نئی مشین خریدی اور اس رقم کا ایک چیک جاری کیا۔ ڈیبٹ کیا جانے والا کھاتا ہے ...............

5۔ قرض خواہوں کی ادائیگی کرنے کے لیے 70,000 روپے کا چیک جاری کیا۔ ڈیبٹ کیا جانے والا کھاتہ ہے ...............

6۔ نقصان زدہ آفس اسٹیشنری واپس کی اور 50,000 روپے وصول کیے۔ کریڈٹ کیا جانے والا کھاتہ ہے ...............

7۔ قرض پر 65,000 روپے کی خدمات فراہم کیں۔ ڈیبٹ کیا جانے والا کھاتہ ہے ...............

**مثال 4**

میسرز ملّکا فیشن ہاؤس کے مندرجہ ذیل لین دین کو جرنل میں درج کیجیے اور ان اندراجات کی لیجر پر پوسٹنگ کیجیے۔

| تاریخ | تفصیلات | رقم |
|---|---|---|
| 2010 | | روپے |
| جون 05 | نقد سے کاروبار شروع کیا | 2,00,000 |

| | | |
|---|---|---|
| جون 08 | سنڈیکیٹ بینک میں کھاتہ کھولا | 80,000 |
| جون 12 | میسرز گل مہر ہاؤس سے ادھار پر مال خریدا | 30,000 |
| جون 12 | آفس کے لیے مشینیں خریدیں، چیک کے ذریعہ ادائیگی کی | 20,000 |
| جون 18 | چیک کے ذریعہ کرایہ ادا کیا | 5,000 |
| جون 20 | میسرز موہت برادرس کو ادھار پر مال فروخت کیا | 10,000 |
| جون 22 | نقد فروخت | 15,000 |
| جون 25 | میسرز گل مہر ہاؤس کو نقد ادائیگی کی | 30,000 |
| جون 28 | میسرز موہت برادرس سے چیک وصول کیا | 10,000 |
| جون 30 | تنخواہ نقد ادا کی | 6,000 |

**حل**

(i) لین دین کا اندراج

## ملکا فیشن ہاؤس کی کتابیں
## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم (روپے) | کریڈٹ رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| 2017 | | | | |
| جون 5 | Cash A/c Dr. | | 2,00,000 | |
| | To Capital A/c | | | 2,00,000 |
| | (نقد سے کاروبار شروع کیا) | | | |
| جون 8 | Bank A/c Dr. | | 80,000 | |
| | To Cash A/c | | | 80,000 |
| | (سنڈیکیٹ بینک میں کھاتہ کھولا) | | | |
| جون 12 | Purchases A/c Dr. | | 30,000 | |
| | To Gulmohar Fashion House A/c | | | 30,000 |
| | (ادھار پر مال خریدا) | | | |
| | کل C/f | | 3,10,000 | 3,10,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | کل C/f | | 3,10,000 | 3,10,000 |
| 12جون | Office Machines A/c Dr. | | 20,000 | |
| | To Bank A/c | | | 20,000 |
| | (آفس مشین خریدی) | | | |
| 18جون | Rent A/c Dr. | | 5,000 | |
| | To Bank A/c | | | 5,000 |
| | (کرایہ ادا کیا) | | | |
| 20جون | Mohit Bros A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Sales A/c | | | 10,000 |
| | (ادھار پر مال فروخت کیا) | | | |
| 22جون | Cash A/c Dr. | | 15,000 | |
| | To Sales A/c | | | 15,000 |
| | (نقد پر مال فروخت کیا) | | | |
| 25جون | Gulmohar Fashion House A/c Dr. | | 30,000 | |
| | To Cash A/c | | | 30,000 |
| | (گل مہر فیشن ہاؤس کو نقد کی ادائیگی کی) | | | |
| 28جون | Bank A/c Dr. | | 10,000 | |
| | To Mohit Bros A/c | | | 10.000 |
| | (ادائیگی کی مکمل وصولیابی ہوئی) | | | |
| 30جون | Salary A/c Dr. | | 6,000 | |
| | To Cash A/c | | | 6,000 |
| | (ماہانہ تنخواہ ادا کی) | | | |
| | کل | | 4,06,000 | 4,06,000 |

© NCERT not to be republished

(ii) لیجر کتاب میں پوسٹنگ

### نقد کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | | | | 2017 | | | |
| جون 8 | سرمایہ | | 2,00,000 | جون 8 | بینک | | 80,000 |
| جون 22 | بکری | | 15,000 | جون 25 | گل مہر فیشن ہاؤس | | 30,000 |
| | | | | جون 30 | تنخواہ | | 6,000 |

### سرمایہ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2017 | | | |
| | | | | جون 5 | نقد | | 2,00,000 |

### بینک کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | | | | 2017 | | | |
| جون 8 | نقد | | 80,000 | جون 12 | آفس مشینیں | | 30,000 |
| جون 28 | موہت برادرس | | 10,000 | جون 18 | کرایہ | | 5,000 |

© NCERT not to be republished

## خریداری کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017<br>جون 12 | گل مہر فیشن ہاؤس | | 30,000 | | | | |

## گل مہر فیشن ہاؤس کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017<br>جون 25 | نقد | | 30,000 | 2017<br>جون 12 | ادھار مال خریدا | | 30,000 |

## آفس فرنیچر کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017<br>جون 12 | بینک | | 20,000 | | | | |

## کرایہ کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017<br>جون 18 | بینک | | 5,000 | | | | |

© NCERT not to be republished

## موہت برادرس کھاتہ

Dr. Cr.

| رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ | رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 2017 | | | | 2017 |
| 10,000 | | نقد | جون 28 | 10,000 | | بکری | جون 20 |

## فروخت کھاتہ

Dr. Cr.

| رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ | رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 2017 | | | | 2017 |
| 10,000 | | موہت برادرس | جون 20 | | | | جون 20 |
| 15,000 | | نقد | جون 22 | | | | |

## تنخواہ کھاتہ

Dr. Cr.

| رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ | رقم (روپے) | جرنل فولیو | تفصیلات | تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | 2017 |
| | | | | 6,000 | | نقد | جون 30 |

**مثال 5**

میسرز ٹائم زون کے مندرجہ ذیل لین دین کا اندراج جرنل میں کیجیے اور اس کو لیجر کھاتہ میں پوسٹ بھی کیجیے۔

| تاریخ | تفصیلات | رقم |
|---|---|---|
| 2017 | | روپے |
| دسمبر 01 | نقد سے کاروبار شروع کیا | 1,20,000 |
| دسمبر 02 | آئی سی آئی سی آئی میں بینک کھاتہ کھولا | 4,00,00 |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| دسمبر 04 | نقد مال خریدا | 12,000 |
| دسمبر 10 | کارٹیج (ڈھوائی) ادا کی | 500 |
| دسمبر 12 | میسرز لارا انڈیا کو ادھار مال فروخت کیا | 25,000 |
| دسمبر 14 | میسرز لارا انڈیا سے نقد وصول کیا | 10,000 |
| دسمبر 16 | لارا انڈیا سے مال کی واپسی ہوئی | 3,000 |
| دسمبر 18 | تجارتی اخراجات ادا کیے | 700 |
| دسمبر 19 | ترنم سے مال ادھار خریدا | 32,000 |
| دسمبر 20 | میسرز لارا انڈیا سے مکمل ادائیگی کی صورت چیک وصول کیا اور اسی دن بینک میں جمع کیا | 11,500 |
| دسمبر 22 | ترنم کو مال واپس کیا | 1,500 |
| دسمبر 24 | اسٹیشنری کے لیے ادائیگی کی | 1,200 |
| دسمبر 26 | ترنم کو کھاتہ پر چیک دیا | 20,000 |
| دسمبر 28 | کرائے کی ادائیگی چیک کے ذریعہ کی | 4,000 |
| دسمبر 29 | ذاتی استعمال کے لیے نقد نکالا | 10,000 |
| دسمبر 30 | نقد فروخت | 12,000 |
| دسمبر 31 | میسرز وویک ٹریڈرس کو مال فروخت کیا | 11,000 |

**حل**

## ٹائم زون کی کتابیں
## جرنل

| تاریخ | تفصیلات | لیجر فولیو | ڈیبٹ رقم (روپے) | کریڈٹ رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| 2017 دسمبر 1 | Cash A/c Dr. | | 1,20,000 | |
| | To Capital A/c | | | 1,20,000 |
| | (نقد سے کاروبار شروع کیا) | | | |
| | کل C/f | | 1,20,000 | 1,20,000 |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | کل C/f | | 1,20,000 | 1,20,000 |
| 02 | Bank A/c | Dr. | 40,000 | |
| | To Cash A/c | | | 40,000 |
| | (آئی سی آئی بینک میں رواں کھاتہ کھولا) | | | |
| 04 | Purchases A/c | Dr. | 12,000 | |
| | To Cash A/c | | | 12,000 |
| | (نقد مال خریدا) | | | |
| 10 | Cartage A/c | Dr. | 500 | |
| | To Cash A/c | | | 500 |
| | (کارٹیج کی ادائیگی کی) | | | |
| 12 | Lara India A/c | Dr. | 25,000 | |
| | To Sales A/c | | | 25,000 |
| | (مال ادھار پر فروخت کیا) | | | |
| 14 | Cash A/c | Dr. | 10,000 | |
| | To Lara India A/c | | | 10,000 |
| | (لارا انڈیا سے نقد وصول کیا) | | | |
| 16 | Sales Purchase A/c | Dr. | 3,000 | |
| | To Lara India A/c | | | 3,000 |
| | (لارا انڈیا سے مال واپس ہوا) | | | |
| 18 | Trade Expenses A/c | Dr. | 700 | |
| | To Cash A/c | | | 700 |
| | (تجارتی اخراجات ادا کیے) | | | |
| 19 | Purchase A/c | Dr. | 32,000 | |
| | To Tranum's A/c | | | 32,000 |
| | (ادھار پر مال فروخت کیا) | | | |
| 20 | Bank A/c | Dr. | 11,500 | |
| | Discount A/c | | 500 | |
| | To Lara India A/c | | | 12,000 |
| | (مکمل ادائیگی کی وصولیابی کے طور پر چیک وصول کیا) | | | |
| | کل C/f | | 2,55,200 | 2,55,200 |

© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | کل C/f | | | 2,55,200 | 2,55,200 |
| 22 | Tarannum A/c | Dr. | | 1,500 | |
| | To Purchase Return's A/c | | | | 1,500 |
| | (ترنم کو مال واپس کیا) | | | | |
| 24 | Stationery A/c | Dr. | | 1,200 | |
| | To Cash A/c | | | | 1,200 |
| | (اسٹیشنری کے لیے نقد کی ادائیگی کی) | | | | |
| 26 | Tarannum's A/c | Dr. | | 20,000 | |
| | To Bank A/c | | | | 20,000 |
| | (ترنم کو چیک دیا) | | | | |
| 28 | Rent A/c | Dr. | | 4,000 | |
| | To Bank A/c | | | | 4,000 |
| | (چیک کے ذریعہ کرایہ دیا) | | | | |
| 29 | Drawings A/c | Dr. | | 10,000 | |
| | To Cash A/c | | | | 10,000 |
| | (ذاتی استعمال کے لیے نقد نکالا) | | | | |
| 30 | Cash A/c | Dr. | | 12,000 | |
| | To Sales A/c | | | | 12,000 |
| | (نقد پر مال فروخت کیا) | | | | |
| 31 | Rupak Trader A/c | Dr. | | 11,000 | |
| | To Sales A/c | | | | 11,000 |
| | (ادھار پر مال فروخت کیا) | | | | |
| | کل | | | 3,14,900 | 3,14,900 |

© NCERT not to be republished

## لیجر کتاب میں پوسٹنگ

### نقد کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | | | | 2017 | | | |
| دسمبر 1 | سرمایہ | | 1,20,000 | دسمبر 2 | بینک | | 40,000 |
| دسمبر 14 | لارا انڈیا | | 10,000 | دسمبر 4 | ادھار مال خریدا | | 12,000 |
| دسمبر 30 | بکری | | 12,000 | دسمبر 10 | کارٹیج | | 500 |
| | | | | دسمبر 18 | ٹریڈ اخراجات | | 700 |
| | | | | دسمبر 24 | اسٹیشنری | | 1,200 |
| | | | | دسمبر 29 | ڈرائنگ | | 1,000 |

### سرمایہ کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2017 | | | |
| | | | | 1 دسمبر | نقد | | 1,20,000 |

### بینک کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | | | | 2017 | | | |
| دسمبر 2 | نقد | | 40,000 | دسمبر 26 | ترنم | | 20,000 |
| دسمبر 20 | لارا انڈیا | | 11,500 | دسمبر 28 | کرایہ | | 4,000 |

© NCERT not to be republished

## خریداری کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | | | | | | | |
| دسمبر 4 | نقد | | 12,000 | | | | |
| دسمبر 19 | ترنم | | 32,000 | | | | |

## کارٹیج کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | | | | | | | |
| دسمبر 10 | نقد | | 500 | | | | |

## لارا انڈیا کھاتہ

**Dr.** **Cr.**

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | | | | 2017 | | | |
| دسمبر 12 | بکری | | 25,000 | دسمبر 14 | نقد | | 10,000 |
| | | | | دسمبر 16 | بکری واپسی | | 3,000 |
| | | | | دسمبر 20 | بینک | | 11,500 |
| | | | | | چھوٹ | | 500 |

© NCERT not to be republished

## فروخت کھاتہ

Dr. | Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2017 | | | |
| | | | | دسمبر 12 | لارا انڈیا | | 25,000 |
| | | | | دسمبر 30 | نقد | | 12,000 |
| | | | | دسمبر 31 | روپک ٹریڈرس | | 11,000 |

## فروخت واپسی کھاتہ

Dr. | Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | | | | | | | |
| دسمبر 16 | لارا انڈیا | | 3,000 | | | | |

## تجارتی اخراجات کھاتہ

Dr. | Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | نقد | | | | | | |
| دسمبر 18 | | | 700 | | | | |

## ترنم کھاتہ

Dr. | Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017 | | | | 2017 | | | |
| دسمبر 22 | مال واپسی | | 1,500 | دسمبر 19 | ادھار مال خریدا | | 32,000 |
| دسمبر 26 | بینک | | 20,000 | | | | |

© NCERT not to be republished

## چھوٹ وصولیابی کھاتہ (Discount Paid A/c)

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017<br>دسمبر 20 | لاراانڈیا | | 500 | | | | |

## خریداری واپسی کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | 2017<br>دسمبر 22 | ترنم | | 1,500 |

## اسٹیشنری کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017<br>دسمبر | نقد | | 1,200 | | | | |

## کرایہ کھاتہ

Dr. Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017<br>دسمبر 28 | بینک | | 4,000 | | | | |

© NCERT not to be republished

## ڈرائینگس (ذاتی استعمال کے لیے روپے نکالنا) کھاتہ

Dr. | Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017<br>دسمبر 29 | نقد | | 10,000 | | | | |

## روپک ٹریڈرس کھاتہ

Dr. | Cr.

| تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) | تاریخ | تفصیلات | جرنل فولیو | رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2017<br>31 دسمبر | بکری | | 11,000 | | | | |

## اپنی فہم کی جانچ کیجیے–V

درست جواب کا انتخاب کیجیے:

1۔ واؤچر تیار کیا جاتا ہے:

(i) وصول شدہ اور ادا شدہ نقد کے لیے

(ii) نقد/ ادھار فروخت کے لیے

(iii) نقد/ ادھار خرید کے لیے

(iv) ان سب کے لیے

2۔ واؤچر تیار کیا جاتا ہے:

(i) دستاویزی ثبوت سے

(ii) جرنل اندراج سے

(iii) لیجر کھاتہ سے

(iv) ان سے

© NCERT not to be republished

3۔ ایک کھاتہ کی کتنی اطراف ہوتی ہیں

(i) دو

(ii) تین

(iii) ایک

(iv) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ ایک مشین کی نقد خریداری کو ڈیبٹ کیا جانا چاہیے

(i) نقد کھاتہ سے

(ii) مشین کھاتہ سے

(iii) خریداری کھاتہ سے

(iv) ان میں سے کسی سے نہیں

5۔ مندرجہ ذیل میں کون سا درست ہے؟

(i) واجبات = اثاثہ جات + اصل سرمایہ

(ii) اثاثہ جات = واجبات – اصل سرمایہ

(iii) اصل سرمایہ = اثاثہ جات – واجبات

(iv) اصل سرمایہ = اثاثہ جات + واجبات

6۔ مالک کے ذریعہ نکالے گئے نقد کو کریڈٹ کرنا چاہیے:

(i) ڈرائنگس کھاتہ سے

(ii) سرمایہ کھاتہ سے

(iii) نفع اور نقصان کھاتہ سے

(iv) نقد کھاتہ سے

7۔ صحیح جملہ معلوم کیجیے:

(i) کریڈٹ، اثاثہ میں ایک کمی ہے

(ii) کریڈٹ، اخراجات میں اضافہ ہے

(iii) ڈیبٹ، محاصل میں اضافہ ہے

(iv) کریڈٹ، اصل سرمایہ میں اضافہ ہے

8۔ وہ کتاب جس میں تمام کھاتوں کو رکھا جاتا ہے:

(i) کیش بک

(ii) جرنل

© NCERT not to be republished

(iii) خریداری کتاب

(iv) لیجر

9۔ جرنل میں لین دین کے اندراج کو کہتے ہیں:

(i) کاسٹنگ

(ii) پوسٹنگ

(iii) جرنل بھرنا

(iv) ریکارڈنگ

## اس باب میں متعارف کرائی گئی کلیدی اصطلاحات

- ماخذ دستاویزات (Source Documents)
- کھاتہ داری مساوات (Accounting Equation)
- اندراج کی ابتدائی کتابیں (Books of Original Entry)
- جرنل بھرنا (Journalising) اور پوسٹنگ
- ڈبل اینٹری بک کیپنگ
- کریڈٹ (جمع)
- ڈیبٹ (نام)
- کھاتہ
- لیجر
- جرنل (روزنامچہ)

## خلاصہ بحوالہ سیکھنے کے مقاصد

1۔ ماخذ دستاویزات کا مفہوم: **مختلف کاروباری دستاویزات جیسے ان وائس یا بیجک بل، کیش میمو، واؤچرز جو کھاتہ کی کتابوں میں کاروباری لین دین کی بنیاد ہیں اور ثبوت کی حیثیت رکھتی ہیں ماخذ دستاویزات کہلاتی ہیں۔**

2۔ کھاتہ داری مساوات کا مفہوم: **ڈیبٹ اور کریڈٹ کے مابین ایک مساوات کا گوشوارہ جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ایک کاروبار کے اثاثہ جات ہمیشہ کل واجبات اور اصل سرمائے کے برابر ہوتے ہیں۔**

3۔ ڈیبٹ اور کریڈٹ کے قواعد: **ایک کھاتہ کو دو اطراف میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ کھاتہ کی بائیں جانب کو ڈیبٹ اور دائیں جانب کو کریڈٹ کہتے ہیں ڈیبٹ اور کریڈٹ کے قواعد کا انحصار کھاتہ کی نوعیت پر ہے۔ ڈیبٹ اور کریڈٹ دونوں ہی یا تو اضافہ کو یا پھر کمی کو پیش کرتے ہیں جس کا انحصار کھاتہ کی نوعیت پر ہے ان قواعد کا خلاصہ ذیل میں کیا گیا ہے۔**

© NCERT not to be republished

| کھاتہ کا نام | ڈیبٹ | کریڈٹ |
|---|---|---|
| اثاثہ جات | اضافہ | کمی |
| واجبات | کمی | اضافہ |
| اصل سرمایہ | کمی | اضافہ |
| محاصل | کمی | اضافہ |
| اخراجات | اضافہ | کمی |

4۔ اندراج کی ابتدائی کتابیں: لین دین کو پہلے ان کتابوں میں ترتیب وار درج کیا جاتا ہے۔ جرنل، اندراج کی ابتدائی کتابوں میں سے ایک ہے۔ جرنل میں اندراج کے عمل کو جرنل بھرنا کہتے ہیں۔

5۔ لیجر: ایک کتاب یا بہی جو کہ تمام کھاتوں پر مشتمل ہوتی ہے جن پر اندراج کی ابتدائی کتابوں سے اندراجات منتقل ہوتے ہیں۔ اندراج کی ابتدائی کتابوں سے لیجر پر اندراجات منتقل کرنے کے عمل کو کھتیانا (پوسٹنگ) کہتے ہیں۔

## مشقی سوالات

**مختصر جوابی سوالات:**

1۔ کھاتہ داری عمل کے تین بنیادی اقدام بیان کیجیے۔

2۔ ماخذ دستاویزات کے ذریعہ فراہم کیے گئے ثبوت کھاتہ داری کے لیے کیوں اہم ہیں؟

3۔ لین دین کو پہلے جرنل میں درج کرنا چاہیے یا لیجر میں؟ کیوں؟

4۔ کیا ڈیبٹ اور کریڈٹ کو پہلے جرنل اندراجات میں فہرست شدہ کیا جاتا ہے؟ کیا ڈیبٹ یا کریڈٹ ایک دوسرے کو کاٹتے ہیں؟

5۔ کچھ کھاتہ داری طریقوں نظاموں کو دوہرے کھاتہ داری طریقے کیوں کہا جاتا ہے؟

6۔ ایک کھاتہ کی مثال دیجیے۔

7۔ ڈیبٹ اور کریڈٹ کے قواعد واجبات اور اصل سرمایہ دونوں کے لیے یکساں کیوں ہیں؟

8۔ کھاتوں میں اندراجات پوسٹ کرتے وقت جرنل میں .J.F نمبروں کو پوسٹ کرنے کا کیا مقصد ہے؟

9۔ آپ کون سا اندراج (ڈیبٹ یا کریڈٹ) کریں گے: (a) محاصل میں اضافہ کے لیے (b) اخراجات میں کمی کے لیے (c) ڈرائنگس کو درج کرنے کے لیے (d) مالک کے ذریعہ لگائے گائے تازہ اصل سرمایہ کو درج کرنے کے لیے۔

10۔ اگر کسی لین دین کے نتیجہ میں اثاثے میں کمی ہوتی ہے تب اس کمی کو بطور ڈیبٹ درج کیا جائے گا یا بطور کریڈٹ؟ اگر کسی لین دین کے نتیجہ میں دین داری میں کمی ہوتی ہے تب اس کمی کو بطور ڈیبٹ درج کیا جائے گا یا بطور کریڈٹ۔

**طویل جوابی سوالات:**

1۔ کھاتہ داری طریقوں میں درج شدہ واقعات کی تشریح کیجیے اور ان طریقوں/ نظاموں میں ماخذ دستاویزات کی اہمیت واضح کیجیے۔

2۔ واضح کیجیے کہ لین دین کا تجزیہ کرنے میں ڈیبٹ اور کریڈٹ کا کیسے استعمال کیا جاتا ہے؟

3۔ واضح کیجیے کہ لین دین کے اثرات کے بارے میں معلومات کا اندراج کرنے کے لیے کھاتوں کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے؟

4۔ جرنل کیا ہے؟ کم از کم پانچ اندراجات دکھا کر جرنل کی ایک مثال دیجیے۔

5۔ ماخذ دستاویزات اور واؤچرز کے درمیان فرق کیجیے۔

6۔ کھاتہ داری مساوات تمام حالات میں جوں کی توں بنی رہتی ہے۔ ایک مثال کی مدد سے اس بات کو سمجھائیے۔

7۔ ایک مثال کی مدد سے دوہرے اندراج کے نظام کی وضاحت کیجیے۔

## عددی سوالات

**لین دین کا تجزیہ**

1۔ مندرجہ ذیل کی بنیاد پر کھاتہ داری مساوات تیار کیجیے:

(a) ہرش نے 2,00,000 روپے نقد سے کاروبار شروع کیا

(b) 40,000 روپے نمن سے نقد مال خریدا

(c) 10,000 روپے کی لاگت کا مال بھانو کو 12,000 روپے میں فروخت کیا

(d) 7,000 روپے فرنیچر ادھار خریدا

(جواب: اثاثہ جات = نقد 1,60,000 روپے + مال 30,000 روپے + قرض دار 12,000 روپے + فرنیچر 7,000 روپے = 2,09,000 روپے؛ واجبات = قرض خواہ 7,000 روپے + سرمایہ 2,02,000 روپے = 2,09,000 روپے)

2۔ مندرجہ ذیل کی بنیاد پر کھاتہ داری مساوات تیار کیجیے:

(a) کنال نے 2,50,000 روپے نقد سے کاروبار شروع کیا

(b) اس نے 35,000 روپے کا فرنیچر نقد خریدا

(c) اس نے 2,000 روپے کا کمیشن ادا کیا

© NCERT not to be republished

(d) اس نے 40,000 روپے کا اُدھار مال خریدا

(e) اس نے 20,000 روپے لاگت کا مال 26,000 روپے میں فروخت کیا

(جواب : اثاثہ = نقد 2,39,000 روپے + فرنیچر 35,000 روپے + مال 20,000 روپے= 2,94,000 روپے؛ واجبات = قرض خواہ 40,000 روپے + سرمایہ 2,54,000 روپے= 2,94,000 روپے)

3۔ موہت کے مندرجہ ذیل لین دین ہیں، کھاتہ داری مساوات تیار کیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| (a) | نقد کاروبار شروع کیا | 1,75,000 روپے |
| (b) | روہت سے مال خریدا | 50,000 روپے |
| (c) | منیش کو ادھار پر مال فروخت کیا (لاگت 17500 روپے) | 20,000 روپے |
| (d) | دفتر کے استعمال کے لیے فرنیچر خریدا | 10,000 روپے |
| (e) | روہت کو مکمل ادائیگی کے طور پر نقد ادا کیا | 48,500 روپے |
| (f) | منیش سے نقد وصول کیا | 20,000 روپے |
| (g) | کرایہ ادا کیا | 1,000 روپے |
| (h) | ذاتی استعمال کے لیے نقد کاروبار سے نکالا | 3,000 روپے |

(جواب: نقد 1,33,000 روپے + مال 32,500 روپے + فرنیچر 10,000 روپے= 1,75,500 روپے؛ واجبات = سرمایہ 1,77,500 روپے)

4۔ روہت کے مندرجہ ذیل لین دین ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| (a) | نقد سے کاروبار شروع کیا | 1,50,000 روپے |
| (b) | ادھار پر مشینری خریدی | 40,000 روپے |
| (c) | نقد مال خریدا | 20,000 روپے |
| (d) | ذاتی استعمال کے لیے کار خریدی | 80,000 روپے |
| (e) | قرض خواہوں کو مکمل بیاباقی کے طور پر ادا کیے | 38,000 روپے |
| (f) | 5,000 روپے لاگت کا مال نقد فروخت کیا | 4,500 روپے |
| (g) | کرایہ ادا کیا | 1,000 روپے |
| (h) | کمیشن پیشگی وصول ہوا | 2,000 روپے |

اثاثہ جات، واجبات، اور اصل سرمائے پر مندرجہ بالا لین دین کے اثرات کو دکھانے کے لیے کھاتہ داری مساوات تیار کیجیے۔

(جواب: اثاثہ جات = نقد 17,500 روپے + مشین 40,000 روپے + مال 15,000 روپے = 72,500 روپے؛ واجبات = کمیشن 2000 روپے + سرمایہ 70,500 روپے= 72,500 روپے)

© NCERT not to be republished

5۔ میسرز رائیل ٹریڈرس کے مندرجہ ذیل لین دین کے اثر کو دکھانے کے لیے کھاتہ داری مساوات کا استعمال کیجیے۔

| | |
|---|---|
| (a) نقد سے کاروبار شروع کیا | 1,20,000 روپے |
| (b) نقد مال خریدا | 10,000 روپے |
| (c) کرایہ وصول کیا | 5,000 روپے |
| (d) واجب الادا تنخواہ | 2,000 روپے |
| (e) پیشگی ادا کیا ہوا بیمہ | 1,000 روپے |
| (f) سود وصول کیا | 700 روپے |
| (g) نقد مال فروخت کیا (لاگت 5,000 روپے) | 7,000 روپے |
| (h) آگ لگنے سے مال برباد ہوا | 500 روپے |

(جواب: اثاثہ جات = نقد 1,22,700 روپے + مال 4,500 روپے + پیشگی ادا بیمہ 1000 روپے؛ واجبات = واجب الادا تنخواہ 2,000 روپے + سرمایہ 1,26,200 روپے)

6۔ مندرجہ ذیل لین دین کی بنیاد پر کھاتہ داری مساوات دکھایئے:

| | |
|---|---|
| (a) اودت نے کاروبار شروع کیا | |
| (i) نقد سے | 5,00,000 روپے |
| (ii) مال سے | 1,00,000 روپے |
| (b) نقد پر عمارت خریدی | 2, 00,000 روپے |
| (c) ہمانی سے مال خریدا | 50,000 روپے |
| (d) آشو کو مال فروخت کیا (لاگت 25,000 روپے) | 36,000 روپے |
| (e) بیمہ پریمیم ادا کی | 3,000 روپے |
| (f) واجب الادا کرایہ | 5,000 روپے |
| (g) عمارت پر فرسودگی | 8,000 روپے |
| (h) ذاتی استعمال کے لیے نقد کاروبار سے نکالا | 20,000 روپے |
| (i) کرایہ پیشگی وصول کیا | 5,000 روپے |
| (j) ہمانی کو نقد ادائیگی کی | 20,000 روپے |
| (k) آشو سے نقد وصولیابی کی | 30,000 روپے |

(جواب: اثاثہ جات = نقد 2,92,000 روپے + مال 1,25,000 روپے + عمارت 1,92,000 روپے + ڈبیٹرس 6,000 روپے = 6,15,000 واجبات = کریڈیٹرس 30,000 روپے واجب الادا کرایہ 5,000 روپے + کرایہ 5,000 روپے + سرمایہ 5,75,000 روپے = 6,15,000 روپے)

© NCERT not to be republished

7۔ اثاثہ جات، واجبات اور اصل سرمایہ پر مندرجہ ذیل لین دین کا اثر کھاتہ داری مساوات کے ذریعہ دکھایئے۔

(a) نقد سے کاروبار شروع کیا 1,20,000 روپے

(b) کرایہ وصول کیا 10,000 روپے

(c) حصص میں سرمایہ کاری کی 50,000 روپے

(d) ڈیویڈینڈ وصول کیا 5,000 روپے

(e) راگنی سے ادھار مال خریدا 35,000 روپے

(f) گھریلو اخراجات کے لیے نقد ادائیگی کی 7,000 روپے

(g) مال نقد فروخت کیا (لاگت 10,000 روپے) 14,000 روپے

(h) راگنی کو نقد ادائیگی کی 35,000 روپے

(i) بینک میں جمع کیے 20,000 روپے

(جواب : اثاثہ جات = نقد 37,000 روپے + حصص 50,000 روپے + مال 25,000 روپے + بینک 20,000 روپے=1,32,000 روپے؛ واجبات = اصل سرمایہ 1,32,000 روپے)

8۔ مندرجہ ذیل لین دین کا اثر کھاتہ داری مساوات پر دکھایئے:

(a) منوج نے کاروبار شروع کیا

(i) نقد 2,30,000 روپے

(ii) مال 1,00,000 روپے

(iii) عمارت 2,00,000 روپے

(b) اس نے نقد مال خریدا 50,000 روپے

(c) اس نے مال فروخت کیا (لاگت 20,000 روپے) 35,000 روپے

(d) اس نے راہل سے مال خریدا 55,000 روپے

(e) اس نے ورون کو مال فروخت کیا (لاگت 52,000 روپے) 60,000 روپے

(f) اس نے راہل کو مکمل بے باقی کے طور پر نقد ادا کیا 53,000 روپے

(g) اس نے تنخواہ ادا کی 20,000 روپے

(h) مکمل وصولیابی کی صورت میں ورون سے نقد وصول کیا 59,000 روپے

(i) واجب الادا کرایہ 3,000 روپے

(j) پیشگی ادا بیمہ 2,000 روپے

(k) اس نے کمیشن وصول کیا 13, 000 روپے

© NCERT not to be republished

(l) ذاتی استعمال کے لیے اس نے کاروبار سے رقم نکالی 20,000 روپے

(m) عمارت پر فرسودگی 10,000 روپے

(n) تازہ اصل سرمایہ لگایا 50,000 روپے

(o) راکھی سے مال خریدا 6,000 روپے

(جواب : اثاثہ جات = نقد 2,42,000 روپے + مال 1,43,000 روپے + عمارت 1,90,000 روپے + پیشگی ادا بیمہ 2,000 روپے = 5,77,000 روپے؛ واجبات = واجب الادا کرایہ 3,000 روپے + قرض خواہ 10,000 روپے + سرمایہ 5,64,000 روپے = 5,77,000 روپے)

9۔ میسرز و پن ٹریڈرس کے لین دین مندرجہ ذیل ہیں۔ کھاتہ داری مساوات کی مدد سے اثاثہ جات، واجبات اور اصل سرمایہ پر اثرات دکھایئے:

(a) نقد سے کاروبار شروع کیا 1,25,000 روپے

(b) نقد مال خریدا 50,000 روپے

(c) آر۔ کے۔ فرنیچر سے فرنیچر خریدا 10,000 روپے

(d) پارول ٹریڈرس کو مال فروخت کیا
(بل نمبر 5674 کے ذریعے 7,000 روپے لاگت) 9,000 روپے

(e) کارٹیج ادا کیا (ڈھلائی ادا کی) 100 روپے

(f) مکمل بے باقی کے طور پر آر کے فرنیچر کو نقد ادائیگی کی 9,700 روپے

(g) نقد فروخت (10,000 روپے لاگت) 12,000 روپے

(h) کرایہ وصول کیا 4,000 روپے

(i) ذاتی استعمال کے لیے نقد رقم نکالی 3,000 روپے

(جواب: اثاثہ جات = نقد 78,200 روپے + مال 33,000 روپے + فرنیچر 10,000 روپے + قرض دار 9,000 روپے = 1,30,200 روپے؛ واجبات = سرمایہ 1,30,200 روپے)

10۔ بوبی نے مشاورتی فرم کھولی اور نومبر 2017 کے دوران درج ذیل لین دین کو مکمل کیے۔

(a) 4,00,000 روپے نقد اور 50,000 روپے کا دفتری ساز وسامان ایک کاروبار میں لگایا جس کا نام بوبی مشاورتی فرم رکھا۔

(b) زمین اور ایک چھوٹے آفس کی عمارت خریدی، زمین کی قیمت 1,50,000 روپے اور عمارت کی قیمت 3,50,000 روپے تھی۔ خریداری قیمت 2,00,000 روپے نقد اور 8,00,000 روپے کے ایک طویل مدتی قابلِ ادا نوٹ کے ذریعہ ادا کی۔

© NCERT not to be republished

(c) آفس سپلائیز 12,000 روپے ادھار خریدی۔

(d) بوبی نے موٹر کار کی ملکیت کاروبار کو منتقل کی۔ کار کی مالیت 90,000 روپے تھی۔

(e) 30,000 روپے کا مزید دفتری سامان قرض پر خریدا۔

(f) آفس منیجر کو 7,500 روپے تنخواہ ادا کی۔

(g) ایک گاہک کو خدمات فراہم کیں اور 30,000 روپے وصول کیے۔

(h) ماہانہ سہولیات کے لیے 4,000 روپے ادا کیے۔

(i) اوپر لین دین C میں مذکور سپلائیر کو ادائیگی کی۔

(j) 93,000 روپے نقد ادا کرکے اور پرانے سامان کو جس کی درج شدہ لاگت 7,000 روپے تھی فروخت کرکے نیا دفتری سامان خریدا۔

(k) 26,000 روپے میں ایک گاہک کی خدمات مکمل کیں اس رقم کی ادائیگی 30 دنوں میں کی جاتی ہے۔

(l) لین دین K میں مذکور گاہک سے 19,000 روپے کی ادائیگی وصول کی۔

(m) کاروبار سے 20,000 روپے بوبی نے نکالے۔

مندرجہ بالا لین دین کا تجزیہ کیجیے اور مندرجہ ذیل T- کھاتوں کو کھولیے:

نقد، گاہک، دفتری سپلائیز، موٹر کار، عمارت، زمین، طویل مدتی قابلِ ادا نوٹ، اصل سرمایہ، ڈرائنگس، تنخواہ، اخراجات اور سہولیاتی اخراجات

### روزنامچہ بھرنا

11۔ ہمانشو کی کتابوں میں مندرجہ ذیل لین دین کو جرنل میں تحریر کیجیے:

| 2017 | | روپے |
|---|---|---|
| دسمبر 01 | نقد کاروبار شروع کیا | 75,000 |
| دسمبر 07 | نقد مال خریدا | 10,000 |
| دسمبر 09 | سواتی کو مال فروخت کیا | 5,000 |
| دسمبر 12 | فرنیچر خریدا | 3,000 |
| دسمبر 18 | مکمل بے باقی کے طور پر سواتی سے نقد وصول کیا | 4,000 |
| دسمبر 25 | کرایہ ادا کیا | 1,000 |
| دسمبر 30 | تنخواہ | 1,500 |

© NCERT not to be republished

12۔ مندرجہ ذیل لین دین کو مودت کے جرنل میں اندراج کیجیے:

| 2017 | | روپے |
|---|---|---|
| جنوری 01 | نقد کاروبار شروع کیا | 1,75,000 |
| جنوری 01 | عمارت | 1,00,000 |
| جنوری 02 | نقد مال خریدا | 75,000 |
| جنوری 03 | رمیش کو مال فروخت کیا | 30,000 |
| جنوری 04 | مزدوری ادا کی | 500 |
| جنوری 06 | نقد مال فروخت کیا | 10,000 |
| جنوری 10 | تجارتی اخراجات ادا کیے | 700 |
| جنوری 12 | رمیش سے نقد وصول کیا | 29,500 |
| | چھوٹ (Discount) دی | 500 |
| جنوری 14 | سدھیر سے مال خریدا | 27,000 |
| جنوری 18 | کارٹیج ادا کیا | 1,000 |
| جنوری 20 | ذاتی استعمال کے لیے نقد نکالا | 5,000 |
| جنوری 22 | گھریلو استعمال میں مال صرف ہوا | 2,000 |
| جنوری 25 | سدھیر سے مال خریدا | 26,700 |
| | چھوٹ ملی | 300 |

13۔ مندرجہ ذیل لین دین کو جرنل میں بھریے:

| 2017 | | روپے |
|---|---|---|
| دسمبر 01 | ہیما نے نقد کاروبار شروع کیا | 1,00,000 |
| دسمبر 02 | ایس بی آئی میں بینک کھاتہ کھولا | 30,000 |
| دسمبر 04 | آشو سے مال خریدا | 20,000 |
| دسمبر 06 | راہل کو نقد مال فروخت کیا | 15,000 |
| دسمبر 10 | تارا سے نقد مال خریدا | 40,000 |
| دسمبر 13 | سُمن کو مال فروخت کیا | 20,000 |
| دسمبر 16 | سُمن سے چیک وصول کیا | 19,500 |
| | چھوٹ دی | 500 |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| دسمبر 20 | آشو کو چیک دیا | 10,000 |
| دسمبر 22 | چیک کے ذریعے کرایہ ادا کیا | 2,000 |
| دسمبر 23 | بینک میں جمع کیے | 16,000 |
| دسمبر 25 | پریگیہ سے مشین خریدی | 10,000 |
| دسمبر 26 | تجارتی اخراجات | 2,000 |
| دسمبر 28 | پریگیہ کو چیک دیا | 10,000 |
| دسمبر 29 | چیک کے ذریعہ ٹیلی فون اخراجات ادا کیے | 1,200 |
| دسمبر 31 | تنخواہ ادا کی | 4,500 |

14۔ ہرپریت کی کتابوں میں مندرجہ ذیل لین دین کو جرنل (روزنامچہ) میں بھریے:

(a) روہت پر واجب 1,000 روپے اب ایک براقرضہ (Bad Debt) ہے۔

(b) 2,000 روپے کی مالیت کا مال مالک نے استعمال کیا۔

(c) 30,000 روپے لاگت کی مشین پر 10% سالانہ کی شرح سے دو ماہ کی فرسودگی لگائی گئی۔

(d) 1,50,000 روپے کے اصل سرمایہ پر 6% سالانہ سے 9 ماہ کا سود فراہم کرو۔

(e) راہل جس کو 2,000 روپے ادا کرنے تھے دیوالیہ ہوگیا۔ اس کے ذمّے 2,000 روپے تھے۔ اس کی جائیداد سے روپے میں 60 پیسے ہی وصول ہوسکے۔

15۔ مندرجہ ذیل لین سے جرنل تیار کیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| (a) | مشین لگوانے میں نقد ادائیگی کی | 500 روپے |
| (b) | مال بطور خیرات دیا | 2,000 روپے |
| (c) | اصل سرمایہ پر سود لگایا 7% کی شرح سے جبکہ کل اصل سرمایہ تھا | 70,000 روپے |
| (d) | 1,200 روپے ایک برے قرضہ سے وصول ہوئے جسے گذشتہ سال ختم کر دیا گیا تھا۔ | |
| (e) | آگ کے ذریعہ مال تباہ ہوا | 2,000 روپے |
| (f) | واجب الادا کرایہ | 1,000 روپے |
| (g) | ڈرائنگس پر سود | 900 روپے |
| (h) | سدھیر کمار جس کو 3,000 روپے ادا کرنے تھے رقم ادا کرنے میں ناکام رہا اس نے روپے میں 45 پیسے کا ہرجانہ ادا کیا۔ | |
| (i) | کمیشن پیشگی وصول ہوا | 7,000 روپے |

© NCERT not to be republished

**کھتیانا (Posting)**

16۔ مندرجہ ذیل لین دین سے جرنل تیار کیجیے اور لیجر میں پوسٹ کیجیے:

| 2017 | | روپے |
|---|---|---|
| نومبر 01 | کاروبار شروع کیا (i) نقد | 1,50,000 |
| | (ii) مال | 50,000 |
| نومبر 03 | ہریش سے مال خریدا | 30,000 |
| نومبر 05 | نقد مال خریدا | 12,000 |
| نومبر 08 | نقد فرنیچر خریدا | 5,000 |
| نومبر 10 | ہریش کو نقد ادا کیا | 15,000 |
| نومبر 13 | متفرق اخراجات ادا کیے | 200 |
| نومبر 15 | نقد فروخت | 15,000 |
| نومبر 18 | بینک میں جمع کرائے | 5,000 |
| نومبر 20 | ذاتی استعمال کے لیے نقد نکالا | 1,000 |
| نومبر 22 | ہریش کو مکمل ادائیگی کی صورت میں نقد ادا کیا | 14,700 |
| نومبر 25 | تنیش کو مال فروخت کیا | 7,000 |
| نومبر 26 | کارٹیج ادا کیا | 200 |
| نومبر 27 | کرایہ ادا کیا | 1,500 |
| نومبر 29 | تنیش سے نقد وصول ہوا | 6,800 |
| | چھوٹ دی | 200 |
| نومبر 30 | تنخواہ ادا کی | 3,000 |

17۔ میسرز گویل برادرس کے جرنل میں مندرجہ ذیل لین دین کو درج کیجیے اور ان کو لیجر میں پوسٹ کیجیے:

| 2017 | | روپے |
|---|---|---|
| جنوری 01 | نقد سے کاروبار شروع کیا | 1,65,000 |
| جنوری 02 | پی این بی میں بینک کھاتہ کھولا | 80,000 |
| جنوری 04 | تارا سے مال خریدا | 22,000 |
| جنوری 05 | نقد مال خریدا | 30,000 |
| جنوری 08 | نمن کو مال فروخت کیا | 12,000 |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| جنوری10 | تارا کو نقد ادا کیا | 22,000 |
| جنوری15 | نمن سے نقد وصول کیا | 11,700 |
| | چھوٹ دی | 300 |
| جنوری16 | مزدوری ادا کی | 200 |
| جنوری18 | دفتر کے استعمال کے لیے فرنیچر خریدا | 5,000 |
| جنوری20 | ذاتی استعمال کے لیے بینک سے رقم نکالی | 4,000 |
| جنوری22 | کرائے کے لیے چیک دیا | 3,000 |
| جنوری23 | گھریلو مقصد کے لیے سامان دیا | 2,000 |
| جنوری24 | دفتر کے استعمال کے لیے بینک سے رقم نکالی | 6,000 |
| جنوری26 | کمیشن وصول کیا | 1,000 |
| جنوری27 | بینک چارجز (Bank Charges) | 200 |
| جنوری28 | بیمہ پریمیم کے لیے چیک دیا | 3,000 |
| جنوری29 | تنخواہ ادا کی | 7,000 |
| جنوری30 | نقد فروخت | 10,000 |

18۔ مندرجہ ذیل لین دین سے میسرز موہت ٹریڈرس کا جرنل تیار کیجیے اور اس کو لیجر پر پوسٹ کیجیے:

| اگست 2017 | | روپے |
|---|---|---|
| 1۔ | نقد سے کاروبار شروع کیا | 1,10,000 |
| 2۔ | ایچ، ڈی ایف سی میں بینک کھاتہ کھولا | 50,000 |
| 3۔ | فرنیچر خریدا | 20,000 |
| 7۔ | میسرز روپا ٹریڈرس سے نقد مال خریدا | 30,000 |
| 8۔ | میسرز ہیما ٹریڈرس سے مال خریدا | 42,000 |
| 10۔ | نقد مال فروخت کیا | 30,000 |
| 14۔ | میسرز گپتا ٹریڈرس کو ادھار مال فروخت کیا | 12,000 |
| 16۔ | کرایہ ادا کیا | 4,000 |
| 18۔ | تجارتی اخراجات ادا کیے | 1,000 |
| 20۔ | گپتا ٹریڈس سے نقد وصول کیا | 12,000 |
| 22۔ | ہیما ٹریڈرس کو مال واپس کیا | 2,000 |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| 23۔ ہیما ٹریڈرس کو نقد ادائیگی کی | 40,000 |
| 25۔ ڈاک ٹکٹیں خریدیں | 100 |
| 30۔ ریشبھ کو تنخواہ دی | 4,000 |

19۔ میسرز بھانو ٹریڈرس کی کتابوں میں مندرجہ ذیل لین دین سے جرنل تیار کیجیے اور انہیں لیجر میں پوسٹ کیجیے:

| دسمبر 2017 | روپے |
|---|---|
| 1۔ نقد سے کاروبار شروع کیا | 92,000 |
| 2۔ بینک میں جمع کیے | 60,000 |
| 4۔ ہمانی سے ادھار پر مال خریدا | 40,000 |
| 6۔ نقد مال خریدا | 20,000 |
| 8۔ ہمانی کو چیک دیا | 4,000 |
| 10۔ میسرز گوئل ٹریڈرس کو مال فروخت کیا | 20,000 |
| 14۔ ذاتی استعمال کے لیے بینک سے نقد نکالا | 36,000 |
| 17۔ گوئل ٹریڈرس نے مال واپس کیا | 3,50,000 |
| 19۔ بینک میں نقد جمع کیا | 2,000 |
| 21۔ گوئل ٹریڈرس نے مال واپس کیا | 3,500 |
| 22۔ بینک میں نقد جمع کیا | 20,000 |
| 26۔ گوئل ٹریڈرس سے چیک وصول ہوا | 31,500 |
| 28۔ مال بطور خیرات دیا | 2,000 |
| 29۔ کرایہ ادا کیا | 3,000 |
| 30۔ تنخواہ ادا کی | 7,000 |
| 31۔ نقد آفس مشین خریدی | 3,000 |

20۔ مندرجہ ذیل لین دین سے میسرز بیوٹی ٹریڈرس کی کتابوں میں جرنل تیار کیجیے اور ان کو لیجر میں پوسٹ بھی کیجیے:

| دسمبر 2017 | روپے |
|---|---|
| 1۔ نقد سے کاروبار شروع کیا | 2,00,000 |
| 2۔ دفتر کا فرنیچر خریدا | 30,000 |
| 3۔ ایک رواں کھاتہ کھلوانے کے لیے بینک میں ادا کیے | 1,00,000 |
| 5۔ ایک کمپیوٹر خریدا اور چیک کے ذریعہ ادائیگی کی | 2,50,000 |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| 6۔ رتیکا سے ادھار مال خریدا | 60,000 |
| 8۔ نقد فروخت | 30,000 |
| 9۔ کریشنا کو مال ادھار فروخت کیا | 25,000 |
| 12۔ مانسی کو نقد ادائیگی کی | 30,000 |
| 14۔ رتیکا کو مال واپس کیا | 2,000 |
| 15۔ نقد اسٹیشنری خریدی | 3,000 |
| 16۔ مزدوری ادا کی | 1,000 |
| 18۔ کریشنا نے مال واپس کیا | 2,000 |
| 20۔ رتیکا کو چیک دیا | 28,000 |
| 22۔ کریشنا سے نقد وصول ہوا | 15,000 |
| 24۔ چیک کے ذریعہ بیمہ پریمیم ادا کی | 4,000 |
| 26۔ کریشنا سے چیک وصول ہوا | 8,000 |
| 28۔ چیک کے ذریعہ کرایہ ادا کیا | 3,000 |
| 29۔ مینا ٹریڈرس سے ادھار مال خریدا | 20,000 |
| 30۔ نقد فروخت | 14,000 |

21۔ سنجنا کی کتابوں میں مندرجہ ذیل لین دین سے جرنل تیار کیجیے اور ان کو لیجر میں پوسٹ کیجیے:

| جنوری 2017 | روپے |
|---|---|
| 1۔ نقد دردست (Cash in Hand) | 6,000 |
| نقد در بینک (Cash at Bank) | 55,000 |
| مال کا اسٹاک | 40,000 |
| روہن کو واجب الادا | 6,000 |
| ترون سے واجب الادا | 10,000 |
| 3۔ کرونا کو مال فروخت کیا | 15,000 |
| 4۔ نقد فروخت | 10,000 |
| 6۔ حنا کو مال فروخت کیا | 5,000 |
| 8۔ روپالی سے مال خریدا | 30,000 |
| 10۔ کرونا سے مال واپس آیا | 2,000 |

© NCERT not to be republished

| | |
|---|---|
| 14۔ کرونا سے نقد وصول ہوا | 13,000 |
| 15۔ روہن کو چیک دیا | 6,000 |
| 16۔ حنا سے نقد وصول ہوا | 3,000 |
| 20۔ ترون سے چیک وصول ہوا | 10.000 |
| 22۔ حنا سے چیک وصول ہوا | 2,000 |
| 25۔ روپالی کو نقد دیا | 18,000 |
| 26۔ کارٹیج ادا کیا | 1,000 |
| 27۔ تنخواہ ادا کی | 8,000 |
| 28۔ نقد فروخت | 7,000 |
| 29۔ روپالی کو چیک دیا | 12,000 |
| 30۔ سجنا نے ذاتی استعمال کے لیے مال لیا | 4,000 |
| 31۔ عام اخراجات ادا کیے | 500 |

22۔ دہلی کے انو دیپ کی کتابوں میں مندرجہ ذیل لین دین کو جرنل میں اندراج کیجیے:

a۔ دہلی کی کانتا سے 20,000 روپے کا مال خریدا (CGST @ 9% SGST @ 9%)

b۔ راجستھان سے 1,00,000 روپے کا مال نقد خریدا (IGST @ 12%)

c۔ پنجاب کے سدھیر کو 1,50,000 روپے کا مال فروخت کیا (IGST @18%)

d۔ ریل کا کرایہ 10,000 روپے ادا کیا (CGST @ 5%, SGST@ 5%)

e۔ دہلی کے سدھیر کو 1,20,000 روپے کا مال فروخت کیا (CGST @9%, SGST @9%)

f۔ دفتر کے استعمال کے لیے 60,000 روپے کا ایئر کنڈیشن خریدا (CGST @9%, SGST @9%)

g۔ اتر پردیش کے سنیل کو نقد 1,50,000 روپے کا مال فروخت کیا (IGST @ 18%)

h۔ کاروبار کے لیے 50,000 روپے کی موٹر سائکل خریدی (CGST @ 14%, SGST @ 14%)

i۔ براڈ بینڈ خدمات کے لیے 4,000 روپے ادا کیے (CGST @9%, SGST@0%)

j۔ دہلی کے راجیش سے 50,000 روپے کا مال خریدا (CGST @9%, SGST @ 9%)

© NCERT not to be republished

## اپنی فہم کی جانچ کیجیے – جوابات کا موازنہ

### اپنی فہم کی جانچ کیجیے –I

1۔ (iii)، 2 (خالص منافع اور تازہ سرمایہ کاری سے سرمائے میں اضافہ ہوتا ہے، ڈرائنگس اور خالص نقصان (Net Less) سے سرمائے میں کمی ہوتی ہے)، 3 (نہیں)، 4 (ii)

### اپنی فہم کی جانچ کیجیے –II

1۔ نقد کھاتہ اور اصل سرمایہ کھاتہ، اثاثہ جات اور واجبات، اثاثہ میں اضافہ اور سرمایہ میں اضافہ۔

2۔ خریداری کھاتہ اور رمیش کھاتہ، اخراجات اور واجبات، اخراجات اور واجبات میں اضافہ۔

3۔ نقد کھاتہ اور فروخت کھاتہ، اثاثہ جات اور محاصل، اثاثہ جات اور محاصل میں اضافہ۔

4۔ تنخواہ کھاتہ اور نقد کھاتہ، اخراجات اور اثاثہ جات، اخراجات میں اضافہ ہوتا ہے، اثاثہ جات میں کمی ہوتی ہے۔

5۔ فرنیچر کھاتہ اور نقد کھاتہ، اثاثہ میں اضافہ ہوتا ہے اثاثہ میں کمی ہوتی ہے۔

6۔ قرضہ (Loan) کھاتہ اور بینک، دین داری اور اثاثہ، واجبات میں اضافہ ہوتا ہے اثاثہ میں کمی ہوتی ہے۔

7۔ سریتا کھاتہ اور فروخت، اثاثہ اور محاصل، اثاثہ جات میں کمی ہوتی ہے اور محاصل میں کمی ہوتی ہے۔

8۔ رمیش کھاتہ اور نقد، واجبات اور اثاثہ جات، واجبات میں کمی ہوتی ہے اثاثہ جات میں اضافہ ہوتا ہے۔

9۔ کرایہ کھاتہ اور نقد کھاتہ، اخراجات اور اثاثہ جات، اخراجات میں اضافہ ہوتا ہے اثاثہ جات میں کمی ہوتی ہے۔

### اپنی فہم کی جانچ کیجیے –III

1 (d)، 2 (d)، 3 (b)، 4 (b)، 5 (d)، 6 (c)، 7 (a)

### اپنی فہم کی جانچ کیجیے –IV

1۔ کرایہ
2۔ قرض دار
3۔ نقد
4۔ مشین
5۔ قرض خواہ
6۔ آفس اسٹیشنری
7۔ قرض دار

### اپنی فہم کی جانچ کیجیے –V

1 (iv)، 2 (i)، 3 (i)، 4 (ii)، 5 (iii)، 6 (iv)، 7 (iv)، 8 (iv)، 9 (iii)

© NCERT not to be republished